100

شرعی مسائل کا مجموعہ

(حصہ پانچ)

مصنف

ابو البنات محمد فراز عطاری مدنی مدظلہ العالی

نظر ثانی

ابو احمد مفتی انس رضا قادری مدنی

استاذ العلماء استاذ الفقہ مصنف کتب کثیرہ

حضرت علامہ مفتی انس رضا قادری دامت برکاتہم العالیہ

(دارالافتاء اہلسنت لاہور)

مولانا فراز مدنی صاحب ہمارے فقہی گروپ کے سینئر، محنتی اور قابل ترین شخصیت ہیں۔ ماشاءاللہ ہر ماہ کافی تعداد میں سائلین کو فیس بک پر ٹیکسٹ کی صورت میں اور ایک فائل کی شکل میں کثیر سوالات کے باحوالہ جوابات دیتے ہیں۔ماشاءاللہ ان کی پانچویں کتاب انہی مختصر جوابات پر تیار ہو چکی ہے۔ میں ان کو اس کاوش پر مبارکباد دیتا ہوں۔ اللہ کریم ان کے یہ فقہی جوابات ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور ان کو اسی طرح خوب لگن سے عوام الناس کی شرعی رہنمائی کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

الحمد للہ اب تک 29 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔رسالوں کے نام یہ ہیں:

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)

(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)

(3) دافع البلاء (الامن و العلی)

(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)

(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)

(6) نور مصطفی (صلات الصفا)

(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفئی)

(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں:

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)

(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)

(11) اعلی حضرت اور فن شاعری

(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر

(13)جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام

(14)درس سیرت

(15)پیارے نبی کے پیارے نام

(16)الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ(نبوی دعائیں)

(17)قواعد المیراث

(18)شان صدیق اکبر

(19)خلافت فاروق اعظم

(20)فیضان عثمان غنی

(21)سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22)قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23)واقعہ کربلا(مختصر)

(24)عدت اور سوگ کے احکام

(25)رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26)100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 1)

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 2)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 3)

(29) امیر اہلسنت اور فن شاعری

نوٹ:ان کتابوں کو حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر واٹس ایپ کریں
03333231223

ای میل: farazattari26@gmail.com
فیس بک: fb.com/ farazattarimadani

فہرست

• عقائد و معمولات

• احادیث و روایات

• طہارت

• نماز

• حج و عمرہ

• نکاح

• خواتین کے مسائل

• متفرق

• جائز و ناجائز

91) کیک پر کرسمس لکھنا

92) مسجد نبوی میں نمازی کے آگے سے گزرنا

93) دعوت کی وجہ سے روزہ توڑنا

94) جمعہ کی اقامت کا جواب

95) سیمین اپنا لائسنز کروانا

• کاروبار

96) غیر مسلم کی عبادت گاہ میں الیکٹرک کا کام

97) عورت کے بالوں کی خرید و فروخت

• وراثت

98) وراثت کی تقسیم سے پہلے وارث کا انتقال

99) ماں بیوہ اور دو بیٹوں میں وراثت

100) دو بیویوں چار بیٹوں اور پانچ بیٹیوں میں وراثت

عقائد
و
معمولات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
فون نمبر: 00923471992267
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

1

میرے فرشتوں کو بھی خبر نہیں

سوال: آج کل لوگ یہ جملہ کہتے ہیں کہ اس بات کی تو میرے فرشتوں کو بھی خبر نہیں، یہ کہنا کیسا؟

User ID: طارق محمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوال میں معلوم کیا گیا جملہ اسلام سے خارج کرنے والا نہیں کیونکہ اس میں فرشتوں کی توہین نہیں بلکہ یہ محاورہ کے طور پر بولا جاتا ہے کہ فلاں بات تو میرے وہم وگمان میں بھی نہیں یا اس بات کی مجھے بالکل بھی خبر نہیں۔ امیر اہلسنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: یہ کفر نہیں ہے۔ یہ فرشتوں کی توہین نہیں، یہ اردو زبان کا محاورہ ہے۔ کہنے والے کا منشایہ ہوتا ہے کہ یہ بات تو میرے وہم و گمان میں بھی نہیں، یا اس کے بارے میں میں نے کبھی سوچا تک نہیں، اگر میں نے اس سلسلے میں ذہن کے اندر بھی کوئی ترکیب بنائی ہوتی تو "کراماکاتبین" کو یقیناً معلوم ہو جاتا وغیرہ۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، ص301)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاولی 1443/30 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

2

اللہ فلاں کو بھول گیا کہنا

سوال: یہ کہنا کیسا کہ فلاں کو اللہ بھول گیا ہے؟ معاذ اللہ!

User ID: محمد ریحان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اللہ کریم بھولنے سے پاک ہے اور اللہ پاک کی طرف بھول کی نسبت کرنا کفر ہے کیونکہ اس میں اللہ پاک کی شدید توہین پائی جارہی ہے۔ لہذا سوال میں مذکور جملہ کہنے والے کو چاہیے کہ توبہ کرے اوراس پر تجدید ایمان کرنا واجب ہے۔ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب میں ہے: اور ہر وہ بات جس میں اللہ عزوجل کی طرف بھول جانا ثابت کیا جائے خالص کفر ہے۔

(کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 119)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

3

یارا تیری یاری کو خدا مانا کہنا کیسا

سوال: یہ شعر کہنا کیسا "یارا تیری یاری کو میں نے خدا مانا"؟

User ID: حسان معاویہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوال میں مذکور شعر اسلام سے خارج کرنے والا ہے کیونکہ اس میں غیر خدا کو خدا ماننے کی بات کی گئی ہے جو کہ صریح کفر ہے۔اس طرح کے شعر کے بارے میں امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں:اس میں اللہ عزوجل کے سوا کسی اور کو خدا بنانے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے جو کہ صریح کفر ہے۔ (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 513)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاول 1443/15 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

انسان افضل یا فرشتے

سوال: کیا مسلمان انسان فرشتے سے افضل ہے؟

User ID: مدنی قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

علماء کرام نے اس میں کچھ تفصیل بیان کی ہے، ہمارے رسول، ملائکہ مقربین یعنی عرش اٹھانے والے فرشتوں اور رسول فرشتوں سے افضل ہیں اور ملائکہ مقربین صحابہ و اولیاء سے افضل ہیں اور صحابہ و اولیاء ملائکہ مقربین کے علاوہ عام فرشتوں سے افضل ہیں، صحابہ و اولیاء کے علاوہ عام شخص اگر اپنی عقل کو شہوت پر غالب کر لے اور اس پر صفتِ ملکوتی غالب ہو جائے تو عام فرشتوں سے افضل ہے۔

(ماخوذ از: فتاوی رضویہ، ج29، ص392، صراط الجنان، ج5، ص490، ہر صحابی نبی جنتی جنتی، ص4)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاول 1443/15 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

احادیث
و
روایات

5

ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار

سوال: حدیث میں جو ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار کی فضیلت ہے تو انتظار سے کیا مراد ہے؟

User ID: عبدالمصطفی تاج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلم شریف کی حدیث پاک ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جس سے اللہ پاک گناہوں کو مٹا دے اور درجات بلند کردے؟ لوگوں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول للہ ﷺ، آپ ﷺ نے فرمایا نہ چاہتے ہوئے بھی وضو پورا کرنا، مسجد کی طرف زیادہ قدم چلنا، ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا، تو یہی ہے سرحد کی حفاظت کرنا۔ (مسلم، حدیث 251)

شرح: ایک وقت کی پڑھ کر دوسری نماز کا منتظر رہنا، خواہ مسجد میں بیٹھ کر، یا اس طرح کہ جسم گھر میں، یا دکان میں ہو اور کان اذان کی طرف اور دل مسجد میں لگا ہو۔ (مرآۃ، جلد 1)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

6

غار میں پھنسے تین لوگوں کا واقعہ

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ تین افراد غار میں پھنس گئے اور پھر ان کی نجات کی صورت بنی؟ User ID: حماد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بخاری، مسلم، ابوداؤد میں ایک طویل روایت موجود ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تین لوگ کہیں جارہے تھے کہ بارش ہوگئی، تو وہ ایک پہاڑ میں موجود غار کے اندر چلے گئے، پہاڑ سے پتھر گرا جس کی وجہ سے غار بند ہوگیا۔ انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اپنے کسی نیک عمل کا وسیلہ دے کر اللہ پاک سے دعا کرتے ہیں شاید اللہ پاک غار کے کھلنے کی راہ نکال دے۔ ایک نے کہا کہ میں بکریاں وغیرہ چراتا تھا اور ان کا دودھ نکالتا تھا اور دودھ پہلے اپنے والدین کو پلاتا تھا۔ ایک مرتبہ میرے والدین سو گئے تو میں ان کے انتظار میں کھڑا رہا اور اپنے بچوں کو نہ دیا جب تک والدین کو نہ پلایا، اگر میرا یہ عمل مقبول ہے تو آسانی کی راہ نکال دے تو پتھر تھوڑا سا ہٹ گیا۔ دوسرے نے کہا کہ میں اپنی چچا کی بیٹی سے محبت کرتا تھا اور ایک دن اس پر قابو بھی پالیا مگر تیرے خوف کی وجہ سے برائی نہیں کی اگر میرا وہ عمل قبول ہے تو آسانی کی راہ نکال دے تو پتھر تھوڑا مزید ہٹ گیا۔ تیسرا بولا کہ میں نے ایک اجیر رکھا جب اس نے کام کرلیا تو اس کو اجرت دی مگر اس کو وہ کم لگی اس نے نہ لی، میں نے اس کی اجرت سے چاولوں کو بوتا رہا جس سے کئی گائے بیل جمع ہوگئے، جب وہ دوبارہ آیا اپنا حق مانگا تو میں نے کہا یہ سب تمہارا ہے لے جاؤ۔ اگر میرا عمل مقبول ہے تو آسانی فرما، تو پتھر مکمل ہٹ گیا اور وہ باہر آگئے۔ (ملخصا: مسلم، حدیث 2743)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاول 1443/03 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7

تو اور تیرا مال تیرے والد کا ہے

سوال: کیا ایسی روایت ہے جس میں کہا گیا ہو کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے اگر ہے تو وضاحت کر دیں؟ User ID: محمد دلشاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مختلف کتابوں میں یہ روایت موجود ہے جس میں یہ الفاظ ہیں کہ تو اور تیرا مال تیرے والد کا ہے، شارحین و فقہاء نے اس کی وضاحت کی ہے کہ اس سے مراد حقیقت میں مالک ہونا نہیں بلکہ حاجت کے وقت مجازا مالک ہونا مراد ہے یعنی حاجت کے وقت والد اولاد کے مال میں تصرف کر سکتا ہے۔ چنانچہ سنن ابن ماجہ کی روایت ہے: أن رجلا قال یا رسول اللہ إن لی مالا وولدا وإن أبی یرید أن یجتاح مالی فقال أنت و مالك لأبیك ترجمہ: ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! میرے پاس مال اور اولاد دونوں ہیں، اور میرے والد میرا مال ختم کرنا چاہتے ہیں! آپ ﷺ نے فرمایا تم اور تمہارا مال دونوں تمہارے والد کے ہیں۔ (ابن ماجہ، حدیث 2291)

التیسیر میں ہے: لأن معناہ إذا احتاج لمالہ أخذہ لا أنہ یباح لہ مالہ مطلقا ترجمہ: اس کا معنی یہ ہے کہ جب والد اولاد کے مال کا محتاج ہو تو اس میں سے لے سکتا ہے نہ کہ مطلقا مباح ہونا مراد ہے۔ (التیسیر، جلد 2، صفحہ 210)

بدائع میں ہے: فإن لم تثبت الحقیقۃ فلا أقل من أن یثبت لہ حق التملیك عند الحاجۃ ترجمہ: تو جب حقیقت میں ملکیت ثابت نہیں تو کم از کم حاجت کے وقت والد کے لئے مال لینے کا حق ثابت ہوتا ہے۔ (ج4، ص30)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاول 1443/05 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

8

امام حسین کا نیزے پر قرآن سنانا

سوال: امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر مبارک سے تلاوت کی آواز آنے والا واقعہ کسی کتاب میں ہے؟

باحیا: User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شواہد النبوۃ میں ہے: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: جب یزیدیوں نے امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر انور کو نیزے پر چڑھا کر کوفہ کی گلیوں میں گشت کیا اس وقت میں اپنے مکان کے بالاخانہ پر تھا۔ جب سر مبارک میرے سامنے سے گزرا تو میں نے سنا کہ سر مبارک نے تلاوت فرمائی: اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَ الرَّقِیۡمِ ۙ كَانُوۡا مِنۡ اٰیٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ (شواہد النبوۃ، ص 231)

اسی طرح ایک بزرگ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب یزیدیوں نے سر مبارک کو نیزہ سے اتار کر ابن زیاد کے محل میں داخل کیا تو آپ رضی اللہ عنہ کے مقدس ہونٹ ہل رہے تھے اور زبان اقدس پر پارہ 13 سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 42 کی تلاوت جاری تھی: وَ لَا تَحۡسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعۡمَلُ الظّٰلِمُوۡنَ (روضۃ الشہداء مترجم، ج2، ص385)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاول 1443/13 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9

جھوٹ بولنے کی جائز صورتیں

سوال: کن صورتوں میں جھوٹ بولنا جائز ہے؟

User ID: محمد اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جھوٹ بولنا شرعا جائز نہیں البتہ حدیث پاک میں جھوٹ کی تین جائز صورتوں کو بیان کیا ہے، جنگ کے موقع پر مدمقابل کو دھوکہ دینے کے لئے، دو مسلمانوں کے درمیان صلح کروانے کے لئے اور بیوی کو خوش کرنے کے لئے خلاف واقع بات کرنا۔ حدیث پاک میں ہے: لا یحل الکذب إلا فی ثلاث یحدث الرجل امرأتہ لیرضیھا، والکذب فی الحرب، والکذب لیصلح بین الناس ترجمہ: جھوٹ بولنا صرف تین جگہ جائز ہے؛ شوہر اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لئے خلاف واقع بات کہے، اور جنگ میں اور لوگوں میں صلاح کروانے کے لئے۔ (ترمذی، حدیث1939)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/ 22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

طہارت

10

لٹکتے بالوں کا مسح

سوال: اسلامی بہنوں کے سر کے بال جو لٹکتے ہیں کیا صرف ان پر مسح کرنے سے سر کا مسح کہلائے گا؟

فاطمہ زہرا User ID

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد ہو یا عورت دونوں کے لئے حکم یہی ہے کہ صرف سر کے لٹکتے ہوئے بالوں پر مسح نہیں ہو سکتا کیونکہ مسح چوتھائی سر کا فرض اور پورے سر کا سنت ہے اور جو بال لٹک رہے ہیں ان پر سر کا اطلاق نہیں ہوتا لہذا فقط ان پر مسح کرنے سے مسح نہیں ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: سر سے جو بال لٹک رہے ہوں ان پر مسح کرنے سے مسح نہ ہو گا۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 291)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1443/17 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

11

کوے کا جھوٹا

سوال: کوّا اگر دودھ میں چونچ مار دے تو کیا حکم ہے؟

User ID: محمد عرفان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کوّے کی چونچ میں اگر نجاست نہ ہونے کا یقین ہو تو اس کا جھوٹا پاک ہے، بغیر کسی کراہت کے امیر و غریب سب استعمال کر سکتے ہیں اور اگر معلوم نہ ہو تو اس کا جھوٹا امیر کے لئے مکروہ اور غریب کے لئے مکروہ نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: اڑنے والے شکاری جانور جیسے شکرا باز بہری چیل وغیرہ کا جھوٹا مکروہ ہے اور یہی حکم کوّے کا ہے اور اگر ان کو پال کر شکار کے لیے سِکھالیا ہو اور چونچ میں نَجاست نہ لگی ہو تو اس کا جھوٹا پاک ہے۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ342)

عالمگیری میں ہے: وإنما یکرہ ذلك فی حق الغنی لأنہ یقدر علی بدلہ أما فی حق الفقیر فلا یکرہ للضرورۃ ترجمہ: یہ غنی کے حق میں مکروہ ہے اس لئے وہ اس کے بدل پر قادر ہے اور فقیر کے حق میں ضرورت کی وجہ سے مکروہ نہیں۔

(ھندیہ، جلد1، صفحہ24)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

12

درہم کی مقدار

سوال: نجاست میں جو درہم کی مقدار ہے وہ کتنی ہے؟

User ID: اسامہ صدیقی نعیمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نجاست غلیظہ اگر گاڑھی ہو مثلا پاخانہ، لید وغیرہ تو درہم سے مراد وزن میں 4.374 گرام ہے اور اس کے وزن کا تعین اندازہ کر کے ہی کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر نجاست پتلی ہو جیسے پیشاب وغیرہ تو درہم سے مراد لمبائی چوڑائی ہے یعنی پھیلائی ہوئی ہتھیلی میں جتنا پانی رک جاتا ہے اتنا بڑا درہم سمجھا جائے گا۔ (ماخوذا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 389)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

13

ہاتھ میں کیمیکل ہو تو وضو

سوال: الیکٹرک اور پلمبری کے کام میں بعض کیمیکل ہوتے ہیں جو ہاتھ میں لگے رہ جاتے ہیں تو وضو کا کیا حکم ہے؟

User ID: عامر اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر وہ کیمیکل جرم دار نہیں تو وضو ہو جائے گا البتہ بو ہو تو مسجد جانے کے لئے اس کو دور کرنا پڑے گا اور اگر وہ جرم دار ہو تو یہ پانی کو اعضاء وضو تک نہیں پہنچنے دے گا اب چونکہ اس طرح کا کام کرنے والوں کو ان کیمیکل سے بچنا دشوار ہوتا ہے لہذا اولا کوشش یہ کی جائے کہ جتنا ہاتھ وغیرہ صاف ہو سکے وہ کرلیا جائے اگر کوشش کے باوجود کچھ لگا رہ جائے تو وضو ہو جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: جس چیز کی آدمی کو عُموماً یا خُصوصاً ضرورت پڑتی رہتی ہے اور اس کی نِگہداشت و اِحتیاط میں حَرَج ہو، ناخنوں کے اندر یا اُوپر یا اور کسی دھونے کی جگہ پر اس کے لگے رہ جانے سے اگرچہ جرم دار ہو، اگرچہ اس کے نیچے پانی نہ پہنچے، اگرچہ سَخت چیز ہو وُضو ہو جائے گا، جیسے پکانے، گوندھنے والوں کے لیے آٹا، رنگریز کے لیے رنگ کا جرم، عورتوں کے لیے مہندی کا جرم، لکھنے والوں کے لیے روشنائی کا جرم، مزدور کے لیے گارا مٹی، عام لوگوں کے لیے کوئے یا پلک میں سُرمہ کا جرم، اسی طرح بدن کا میل، مٹی، غبار، مکھی، مچھر کی بیٹ وغیرہا۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 292)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

14

کپڑے کا ناپاک حصہ بھول گئے

سوال: میرے کپڑے پر نجاست لگی مگر میں بھول گیا کہ کہاں لگی تھی اب کیا حکم ہے؟

User ID: سردار طیب عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کو بالکل یاد نہ ہو کہ نجاست کس حصہ میں لگی تھی یعنی اتنا بھی یاد نہ ہو کہ آستین پر لگی یا دامن وغیرہ پر تو بہتر یہی ہے کہ پورا کپڑا دھولے اور اگر کوئی جگہ معلوم ہے مگر بعینہ وہ حصہ یاد نہیں مثلا یہ یاد ہے کہ آستین میں لگی تھی مگر آستین میں کہاں لگی یہ یاد نہیں تو اس پوری جگہ کو دھولے یہ پورے کپڑے کا دھونا کہلائے گا۔ اور اگر اندازے سے سوچ کر اس کا کوئی حصہ دھولیا تو بھی جائز ہے اور اگر بغیر سوچے دھولیا تب بھی پاک ہو جائے گا لیکن بغیر سوچے دھونے کی صورت میں اگر بعد کو معلوم ہوا کہ کوئی اور جگہ ناپاک تھی تو اگر اس دوران کچھ نمازیں پڑھیں تو ان کا اعادہ کرنا ہوگا سوچ کر دھویا اور غلطی کا علم ہوا تو نمازوں کے اعادہ کی حاجت نہیں۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد1، صفحہ400)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

15

واٹرپروف موزوں پر مسح

سوال: کیاواٹرپروف جراب پر مسح ہو سکتا ہے جو بظاہر اون کے لگتے ہوں؟

User ID: سہیل شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ موزے اتنے موٹے اور مضبوط ہیں کہ ان کو پہن کر سفر کرنا ممکن ہو اور اس کو پہن کر صحیح طرح چلا جا سکے، ٹخنوں کو چھپا لے، پنڈلی پر بغیر باندھے رکے رہیں اور پانی اندر سرایت نہ کرے تو ایسے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے۔ عالمگیری میں ہے: ان یکون الخف مما یمکن قطع السفر بہ و تتابع المشی علیہ و یستر الکعبین۔۔۔ و الثخین الذی لیس مجلدا و لا منعلا بشرط ان یستمسک علی ساق بلا ربط ولا یری ماتحتہ علیہ الفتوی ترجمہ: موزوں پر مسح کرنے کی شرائط میں سے ہے کہ اس کو پہن کر سفر کرنا ممکن ہو اور اس میں خوب چل پھر سکے اور وہ ٹخنوں کو چھپا لیں۔۔ اور تخین جو نہ مجلد (اوپر نیچے چمڑا) ہو نہ منعل (جس کے نیچے چمڑا ہو) اس میں شرط یہ ہے کہ پنڈلی پر بغیر باندھے رک جائے اور اس کے جو نیچے ہے وہ نظر نہ آئے اور اسی پر فتوی ہے۔

(عالمگیری، جلد 1، صفحہ 36)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

16

غسل کے دوران چھینٹے بالٹی میں

سوال: اگر غسل کرتے ہوئے پانی کے چھینٹے بالٹی میں جائیں تو کیا غسل ہو جائے گا؟

User ID: حسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عموماً بالٹی میں موجود پانی زیادہ ہوتا ہے اور چھینٹے کم ہوتے ہیں لہذا پانی مستعمل نہیں ہو گا اور اس سے غسل بھی ہو جائے گا البتہ جسم پر نجاست ہو اور ناپاک چھینٹے بالٹی میں گئے تو سارا پانی ناپاک ہو جائے گا اور اس پانی سے غسل نہیں ہو سکتا۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: غسل کرنے والے کے بدن یا کپڑے پر اگر کوئی نجاست حقیقیہ تھی اور اس کے پانی کی کوئی چھینٹ یا قطرہ کنویں میں گرا تو کل پانی ناپاک ہو جائے گا ورنہ مستعمل بھی نہ ہو گا اس لئے کہ مستعمل پانی اگر غیر مستعمل پانی میں پڑے تو اسی وقت مستعمل کرے گا جب کہ مقدار میں اس کے برابر یا اس سے زائد ہو جائے۔

(فتاوی فیض الرسول، جلد1، صفحہ170)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخری 1444/26 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

17

جرابوں کے اوپر موزے پر مسح

سوال: جرابوں کے اوپر موزے پہن کر مسح کرنا کیسا؟

User ID: ابو بکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر موزے میں مسح کی شرائط پائی جاتی ہیں مثلاً ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں، پاؤں سے چپٹے ہوں کہ اس کو پہن کر آسانی سے چل سکے، چمڑے کا ہو یا صرف تلا چمڑے کا ہو وغیرہ تو اس پر مسح ہو جائے گا اگرچہ اس کے نیچے جراب ہوں کیونکہ اس میں اصل یہ ہے کہ تری قدم کی جلد تک نہ پہنچے اور معلوم کی گئی صورت میں شرائط پائی جائیں تو تری پہنچنے کا کوئی امکان نہیں۔ منحۃ الخالق میں ہے: یعلم منه جواز المسح علی خف لبس فوق مخیط من کرباس أو جوخ أو نحوهما مما لا یجوز علیه المسح ؛لأن الجرموق إذا کان بدلا عن الرجل وجعل الخف مع جواز المسح علیه فی حکم العدم فلأن یکون الخف بدلا عن الرجل ویجعل ما لا یجوز المسح علیه فی حکم العدم أولی کما فی اللفافۃ" ترجمہ: اس سے ایسے موزے پر مسح کا جواز معلوم ہوتا ہے جو سوتی یا اون سے سلی ہوئی جراب وغیرہ جس پر مسح جائز نہیں ہے کے اوپر موجود ہو، کیونکہ جرموق جب پاؤں کا بدل ہو سکتی ہے اور موزہ جس پر مسح جائز ہے اس کو کالعدم بنایا جا سکتا ہے تو موزہ کو پاؤں کا بدل قرار دینا اور جس پر مسح جائز نہیں اس کو معدوم قرار دینا بدرجۂ اولیٰ جائز ہونا چاہئے۔ (منحۃ الخالق علی البحر، ج1، ص315)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخر 1444/26 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

18

اٹیچ باتھ میں وضو

سوال: اٹیچ باتھ میں وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد یونس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اٹیچ باتھ میں وضو کرنا جائز ہے لیکن اس میں بسم اللہ شریف، وضو میں پڑھی جانے والی دعائیں اور دیگر وظائف نہیں پڑھ سکتے اس لئے بہتر یہی ہے کہ اٹیچ باتھ میں وضو نہ کیا جائے بلکہ گھر میں وضو خانہ بنوالیا جائے البتہ اٹیچ باتھ میں واش روم اور ٹوائلٹ کے درمیان اگر ایسی کوئی آڑ ہو جس سے دونوں حصے الگ الگ شمار ہوں تو پھر واش روم والے حصے میں دعائیں وغیرہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ آڑ ڈالنے کے لئے دیوار، دروازہ یا لوہے کی چادر یا لکڑی کی شیٹ لگائی جا سکتی ہے۔ عالمگیری میں ہے: ولا فی محل النجاسۃ ترجمہ: نجاست کی جگہ پر بسم اللہ نہ پڑھے۔ (ھندیہ، جلد1، صفحہ8)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخر 1444/26 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نماز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

19

قبر کے سامنے نماز

سوال: قبر کے سامنے نماز پڑھنا کیسا؟

User ID: منور حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبر کے سامنے اگر سترہ یعنی کوئی ایسی آڑ جو کم از کم ایک ہاتھ اونچی اور انگلی برابر موٹی موجود نہ ہو تو نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہو گی۔ اور اگر سترہ موجود ہو تو اس کے سامنے نماز پڑھنا جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: قبر کا سامنے ہونا، اگر مصلّی (نماز پڑھنے والے) و قبر کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو تو مکروہ تحریمی ہے۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ630)

فتاوی رضویہ میں ہے: ایک یہ کہ قبر کے سامنے (نماز) ممنوع ہے۔ یہ حکم عام ہے مسجد میں ہو خواہ مکان میں خواہ صحرا میں، اور اس کا علاج سترہ ہے۔ کہ انگلی کا دل (موٹائی) اور آدھ گز طول رکھتا ہو، یا صحرا میں مصلی خاشع کے موضع نظر سے دور ہونا۔ (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ479)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاول 1443/03 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

20

آستین فولڈ کرنا

سوال: کپڑوں کے اندر ہائی نیک ہو اور اس کی آستین لمبی ہو تو فولڈ کر سکتے ہیں؟

User ID: عبدالرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں کپڑا موڑنے کی جو ممانعت حدیث پاک میں موجود ہے اس کی وضاحت فقہاء نے یہ فرمائی ہے کہ اگر کپڑا خلاف عادت فولڈ ہو تو نماز مکروہ تحریمی ہے اور اگر معتاد ہو یعنی اسے پہننا ہی فولڈ کر کے جاتا ہو تو مکروہ تحریمی نہیں، فقہاء نے آستینوں کا آدھی کلائی سے زیادہ چڑھا ہونا خلاف عادت قرار دیا ہے اور اس کو مکروہ تحریمی میں شمار کیا ہے۔ معلوم کی گئی صورت میں اگر آستین لمبی ہے اور اسے آدھی کلائی سے کم فولڈ کیا تو نماز ہو جائے گی لیکن اگر آدھی کلائی سے زیادہ فولڈ کیا تو نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہو گی۔ حلبۃ المحلی میں ہے: ینبغی ان یکرہ تشمیرھا الی ما فوق نصف الساعد لصدق کف الثوب علی ھذا ترجمہ: آستینوں کا آدھی کلائی سے اوپر تک چڑھائے ہونا بھی مکروہ ہونا چاہیے، کیونکہ کپڑا سمیٹنا اس پر بھی صادق آتا ہے۔ (حلبۃ المحلی، جلد 2، صفحہ 287)

بہار شریعت میں ہے: کوئی آستین آدھی کلائی سے زیادہ چڑھی ہوئی یا دامن سمیٹے نماز پڑھنا بھی مکروہِ تحریمی ہے۔ (ج 1، ص 624)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاول 1443/05 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

21

رات کے نوافل میں بلند آواز سے قراءت

سوال: کیا اکیلا آدمی رات کے نوافل میں بلند آواز سے قراءت کر سکتا ہے؟

User ID: محمد اجمل صابر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

رات کے نوافل میں منفرد بلند آواز سے قراءت کر سکتا ہے البتہ یہ احتیاط رہے کہ اتنی بلند آواز نہ ہو کہ کسی سونے والے یا انفرادی عبادت میں مشغول شخص کو اذیت ہو۔ بہار شریعت میں ہے: دن کے نوافل میں آہستہ پڑھنا واجب ہے اور رات کے نوافل میں اختیار ہے اگر تنہا پڑھے اور جماعت سے رات کے نفل پڑھے، تو جہر واجب ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 545)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

22

لیگنس (چست پاجامہ) پہن کر نماز

سوال: اگر کسی غیر محرم کی نظر نہ پڑے تو عورت لیگنس پہن کر نماز پڑھ سکتی ہے؟

User ID: خانزدای

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایسا لباس جس سے بدن کا رنگ نہ چمکتا ہو مگر بدن کے اعضاء ظاہر ہوتے ہوں وہ پہن کر نماز پڑھی تو نماز ہو جائے گی لیکن ایسا لباس پہن کر نماز پڑھنا نماز کے آداب کے خلاف ہے البتہ یہ یاد رہے کہ ایسا لباس پہن کر نامحرموں کے سامنے آنا جائز نہیں اور محارم کے سامنے بھی ایسا لباس نہ پہنا جائے البتہ شوہر کے سامنے پہننے میں حرج نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: دبیز کپڑا، جس سے بدن کا رنگ نہ چمکتا ہو، مگر بدن سے بالکل ایسا چپکا ہوا ہے کہ دیکھنے سے عضو کی ہیات معلوم ہوتی ہے، ایسے کپڑے سے نماز ہو جائے گی، مگر اس عضو کی طرف دوسروں کو نگاہ کرنا جائز نہیں۔ اور ایسا کپڑا لوگوں کے سامنے پہننا بھی منع ہے اور عورتوں کے لیے بدرجۂ اَولیٰ ممانعت۔ بعض عورتیں جو بہت چست پاجامے پہنتی ہیں، اس مسئلہ سے سبق لیں۔ (جلد1، صفحہ480)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

کرسی پر نماز کا سجدہ کرنے کا طریقہ

سوال: کرسی پر نماز پڑھ رہے ہوں تو سجدہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

User ID: عبدالمصطفی تاج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص شرعی اجازت سے کرسی پر نماز پڑھ رہا ہے تو چونکہ حقیقی سجدہ اس پر سے ساقط ہو گیا ہے لہذا وہ سجدہ کا اشارہ کرے گا اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ سجدہ میں سر کو رکوع سے زیادہ جھکائے گا اور ایسا کرنا ضروری ہے اگر سجدہ میں رکوع سے زیادہ سر نہ جھکایا تو نماز نہیں ہو گی، یاد رہے کہ چونکہ سجدہ کا اشارہ سر سے ہو گا لہذا اس کے لئے کمر جھکانا ضروری نہیں۔ مفتی فضیل صاحب لکھتے ہیں: یہ حقیقتا سجدہ نہیں بلکہ سجدہ کا اشارہ ہے۔ اور اشارہ سر سے کرنا ہوتا ہے اس کے ساتھ کمر جھکانا ضروری نہیں، رکوع کے اشارہ میں سر کو جھکائیں اور سجدے کے اشارے میں اس سے زیادہ جھکائیں۔۔ الخ (کرسی پر نماز کے احکام، صفحہ 25)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاول 1443/08 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

24

نماز میں درود پڑھے بغیر سلام پھیرنا

سوال: اگر قعدہ اخیرہ میں درود پاک نہ پڑھا اور سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: صاحبزادہ احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قعدہ اخیرہ میں درود پاک پڑھنا سنت مؤکدہ ہے، اگر بلاعذر شرعی جان کر ایک آدھ بار بھی درود پاک چھوڑا تو برا کیا لیکن اگر درود پاک کو چھوڑنے کی عادت بنائی تو گناہ گار ہوگا البتہ نماز بہر صورت ہوجائے گی۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: نماز میں درود شریف پڑھنا سنت مؤکدہ ہے کہ قصداً ترک کرنا برا ہے اور ایسا شخص مستحق ملامت و عتاب ہے۔

(فتاوی امجدیہ، جلد1، صفحہ 75)

بہار شریعت میں ہے: اس (سنت موکدہ) کا ترک اساءت اور کرنا ثواب اور نادراً ترک پر عتاب اور اس کی عادت پر استحقاقِ عذاب۔

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 283)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

25

آئینے کے سامنے نماز

سوال: آئینے کے سامنے نماز پڑھنا کیسا جبکہ اس میں اپنا چہرہ نظر آرہا ہو؟

User ID: عبدالرحمن شنواری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آئینے کے سامنے نماز پڑھنے سے توجہ بٹتی ہو تو مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے لیکن کسی نے پڑھی تو نماز ہو جائے گی۔ فتاوی امجدیہ میں ہے: آئینہ سامنے ہو تو نماز میں کراہت نہیں کہ سبب کراہت تصویر ہے اور وہ یہاں موجود نہیں اور اگر اسے تصویر کا حکم دیں تو آئینہ کا رکھنا بھی مثلِ تصویر ناجائز ہو جائے حالانکہ بالاجماع جائز ہے۔ (فتاوی امجدیہ جلد1، صفحہ 184)

وقار الفتاوی میں ہے: نمازیوں کے آگے اتنی اونچائی تک کہ خاشعین کی طرح نماز پڑھنے میں جہاں تک نظر آجاتا ہے شیشے لگانا یا کوئی ایسی چیز لگانا جس سے نمازی کا دھیان اور التفات ادھر جاتا ہو مکروہ ہے۔ لہذا اتنی اونچائی تک کے شیشے ہٹالینا چاہیے، ان شیشوں میں اپنی شکل جو نظر آتی ہے اس کے احکام تصویر کے نہیں، لہذا نماز مکروہ تحریمی نہ ہوگی مگر مکروہ تنزیہی ہے۔ (وقار الفتاوی، ج2، ص258)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

26

بائیک پکڑ کر نمازی کے آگے سے گزرنا

سوال: اگر کوئی بائیک کو نمازی کی طرف رکھے اور خود دوسری جانب سے بائیک کو پکڑ کر چلتا رہے تو کیا گناہ ہو گا؟

User ID: نقیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سوال میں معلوم کی گئی صورت میں نمازی کے آگے سے گزرنا جائز نہیں تھا کہ اس صورت میں یہ سترہ نہ ہوا کیونکہ سترہ کے لئے ضروری ہے کہ گزرنے والے کے تابع نہ ہو، اگر گزرنے والا بائیک کھڑی کر دیتا اور آگے سے گزر کر پھر بائیک کو اپنی جانب کھینچ لیتا تو جائز ہوتا۔ بہار شریعت میں ہے: اگر اس کے پاس عصا ہے مگر نصب نہیں کر سکتا، تو اسے کھڑا کر کے مصلی کے آگے سے گزرنا جائز ہے، جب کہ اس کو اپنے ہاتھ سے چھوڑ کر گرنے سے پہلے گزر جائے۔ (بہار شریعت، ج1، ص617)

جد الممتار میں ہے: اذا کان یمسك العصا بیدہ کان العصا تابعا لہ فلا یجعل ساترا کثیاب المار ترجمہ: جب وہ عصا کو اپنے ہاتھ سے روکے رکھے گا تو عصا اس کے تابع رہے گا تو یہ سترہ نہیں بن سکتا جیسا کہ گزرنے والے کے کپڑے۔ (جد الممتار، جلد3، صفحہ385)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

27

سجدہ سہو کرنا بھول گئے

سوال: اگر سجدہ سہو بھول گئے اور دوسرا سلام پھیرنے کے فورا بعد یاد آیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: علی رضا جلالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سجدہ سہو واجب تھا اور کرنا بھول گئے تو اگر نماز کو توڑنے والا کوئی عمل نہ کیا ہو مثلا بات چیت کرنا، قہقہہ لگانا، مسجد سے باہر نکال آنا وغیرہ تو سجدہ سہو کر کے التحیات پڑھ کر سلام پھیر دے نماز درست ہو جائے گی۔ اور اگر منافی نماز کوئی عمل کیا تو اب نماز واجب الاعادہ ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: جس پر سجدہ سہو واجب ہے، اگر سہو ہونا یاد نہ تھا اور بہ نیت قطع سلام پھیر دیا تو ابھی نماز سے باہر نہ ہوا بشرطیکہ سجدہ سہو کر لے، لہذا جب تک کلام یا حدث عمد یا مسجد سے خروج یا اور کوئی فعل منافی نماز نہ کیا ہو اسے حکم ہے کہ سجدہ سہو کر لے۔ (بہار شریعت، جلد2، صفحہ674)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاول 1443/14 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

28

دستانے (gloves) پہن کر نماز

سوال: سردیوں میں بعض لوگ دستانے پہن کر نماز پڑھتے ہیں اس میں حرج تو نہیں؟

User ID: عزیر ظہیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سردی ہو یا گرمی دستانے پہن کر نماز پڑھنا بالکل جائز ہے اس لئے کہ نماز میں دستانے پہننا نہ مفسدات نماز سے ہے نہ مکروہات سے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 جمادی الاول 1443/16 دسمبر 2022ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

29

جو اذان دے اسی کا اقامت کہنا

سوال: جس نے اذان دی کیا اسی کا اقامت کہنا ضروری ہے؟

User ID: راجا مقصود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اقامت کہنا اسی کا حق ہے جس نے اذان دی لہذا اذان دینے والا موجود ہو تو اس کی اجازت کے بغیر کسی اور کا اقامت کہنا مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے جبکہ اذان دینے والے کو ناگوار گزرتا ہو اور اگر اذان دینے والا موجود نہ ہو یا موجود ہو مگر دوسرا اس سے اجازت لے لے یا بغیر اجازت دینے میں اذان دینے والے کو ناگوار نہ گزرتا ہو تو بغیر کسی کراہت کے جائز ہے۔ عالمگیری میں ہے: والأفضل أن يكون المؤذن هو المقيم، كذا في الكافي، وإن أذن رجل وأقام آخر، إن غاب الأول جاز من غير كراهة، وإن كان حاضرا ويلحقه الوحشة بإقامة غيره يكره، وإن رضي به لا يكره ترجمہ: افضل یہ ہے کہ اذان دینے والا ہی اقامت کہے، کافی میں اسی طرح ہے اور اگر ایک شخص اذان دے اور دوسرا اقامت کہے تو اگر پہلا شخص (اذان دینے والا) موجود نہیں تو دوسرے کا اقامت کہنا بلا کراہت جائز ہے اور اگر اذان کہنے والا موجود ہو اور اسے ناگوار محسوس ہو تو دوسرے کا اقامت کہنا مکروہ ہے اور اگر اذان دینے والا راضی ہو تو مکروہ نہیں۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 54)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/ 22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

30

رکوع وسجود کی تسبیحات غیر مؤکدہ

سوال: رکوع وسجود کی تسبیحات سنت مؤکدہ ہے یا غیر مؤکدہ؟ کسی ایک کتاب کا حوالہ دے دیں۔

User ID: عبد الواجد عطاری مدنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

رکوع وسجود کی تسبیحات سنت غیر موکدہ ہیں کیونکہ تسبیحات کو تین سے کم کرنا یا ترک کر دینا مکروہ تنزیہی ہے اور مکروہ تنزیہی سنت غیر موکدہ کا مقابل ہے، لیکن کوشش یہی ہونی چاہیے کہ تین بار کہہ لی جائیں۔ شامی میں در مختار کی عبارت "والتسبیح فیہ ثلاثا" کے تحت ہے: فلو ترکہ او نقصہ کرہ تنزیھا ترجمہ: اگر تسبیح کو چھوڑ دیا یا تین سے کم کیا تو مکروہ تنزیہی ہے۔ (شامی، جلد2، صفحہ211)

بہار شریعت میں ہے: (مکروہ تنزیہی) سنت غیر مؤکدہ کا مقابل ہے۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ284)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 جمادی الاول 1443/16 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

31

خروج بصنعہ کا مطلب

سوال: نماز کے فرائض میں ایک خروج بصنعہ ہے اس کی آسان وضاحت کر دیں؟

User ID: محمد اویس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

خروج کا مطلب نکلنا اور صنعہ کا معنی نمازی کا کوئی عمل یعنی نمازی قعدہ اخیرہ کے بعد سلام یا کلام یا کوئی بھی منافی نماز کام نماز سے باہر آنے کے ارادہ سے کرے اسے خروج بصنعہ کہتے ہیں البتہ سلام کے ذریعے سے باہر آنا واجب ہے، اگر سلام کے علاوہ کوئی اور کام قصداً کیا تو نماز واجب الاعادہ ہو گی اور اگر نماز سے باہر آنے کے ارادہ کے بغیر کوئی عمل کیا تو نماز باطل ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: خروج بصنعہ یعنی قعدۂ اخیرہ کے بعد سلام وکلام وغیرہ کوئی ایسا فعل جو منافی نماز ہو بقصد کرنا، مگر سلام کے علاوہ کوئی دوسرا منافی قصداً پایا گیا، تو نماز واجب الاعادہ ہوئی اور بلا قصد کوئی منافی پایا گیا تو نماز باطل۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 516)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1444/18 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

32

نماز کے دوران کپڑے کا فولڈ ہونا معلوم ہوا

سوال: بھول سے نماز میں کپڑا فولڈ رہ گیا اور نماز میں معلوم ہوا تو نماز توڑ دیں یا بعد میں اعادہ کریں؟

User ID: ابیجا خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر نماز شروع کر دینے کے بعد کپڑے کا فولڈ ہونا معلوم ہوا تو اب نماز توڑنے کی اجازت نہیں بلکہ نماز جاری رکھے اور یہ نماز مکمل کر کے اس نماز کو دوبارہ پڑھے کیونکہ کپڑا فولڈ کر کے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور ایک بار نماز شروع کر دی تو بلا عذر شرعی توڑنا جائز نہیں۔ اللہ پاک فرماتا ہے: وَلَا تُبۡطِلُوۡۤا اَعۡمَالَكُمۡ ترجمہ: اور اپنے اعمال باطل نہ کرو۔ (محمد: 33)

تفسیر: اس آیت میں عمل کو باطل کرنے کی ممانعت فرمائی گئی ہے، لہذا آدمی جو عمل شروع کرے خواہ وہ نفلی نماز یا روزہ یا کوئی اور ہی عمل ہو، اس پر لازم ہے کہ اس کو باطل نہ کرے بلکہ اسے پورا کرے۔ (صراط الجنان، جلد 9، صفحہ 321)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/ 20 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

33

نماز کا سجدہ بھول جائے

سوال: اگر کسی رکعت کا ایک سجدہ بھول گئے اور التحیات پڑھنے کے بعد یاد آیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: محمد خان سولنگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہر رکعت میں دو بار سجدہ فرض ہے لہذا اگر کسی رکعت کا سجدہ بھول گئے تو جیسے ہی یاد آئے وہ سجدہ کرلے، اگر التحیات پڑھنے کے بعد رہ جانے والا سجدہ یاد آئے تو پہلے نماز کا سجدہ کرے پھر تشہد پڑھنے کے بعد سجدہ سہو کرے پھر تشہد پڑھ کر نماز مکمل کرلے۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: اور اگر کوئی سجدہ صلاتیہ بھول گیا اور قعدہ اخیرہ میں بعد تشہد یاد آیا تو سجدہ صلاتیہ کرنے کے بعد پھر تشہد پڑھ کر سجدہ سہو کرے اور پھر تشہد پڑھ کر نماز مکمل کرے۔ (فتاوی فیض الرسول، جلد1، صفحہ257)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/ 22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

34

جمعہ کی سنتوں کے دوران خطبہ

سوال: اگر ہم جمعہ کی سنتیں پڑھ رہے ہوں اور خطبہ شروع ہو جائے تو کیا کریں؟

User ID: رحیم سالار زئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر خطبہ سے پہلے جمعہ کی سنتیں شروع کر دیں اور اسی دوران خطبہ شروع ہو جائے تو سنت قبلیہ جلد مکمل کر لی جائیں البتہ خطبہ شروع ہونے کے بعد سنتیں شروع کرنا جائز نہیں۔ در مختار میں ہے: وکذا سنۃ الظھر و سنۃ الجمعۃ اذا اقیمت او خطب الامام یتمھا اربعا علی القول الراجح ترجمہ: ظہر کی سنتیں پڑھنے میں جماعت کھڑی ہو جائے یا جمعہ کی سنتیں پڑھنے کے دوران امام خطبہ شروع کر دے تو راجح قول یہ ہے کہ چار رکعتیں مکمل کر لے۔ (در مختار، جلد2، صفحہ 611)

بہار شریعت میں ہے: جب امام خطبہ کے لیے کھڑا ہوا اس وقت سے ختم نماز تک نماز و اذکار اور ہر قسم کا کلام منع ہے، البتہ صاحب ترتیب اپنی قضا نماز پڑھ لے۔ یوہیں جو شخص سنت یا نفل پڑھ رہا ہے جلد جلد پوری کر لے۔ (1/774)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

امامت

35

سری نماز میں جہری قراءت

User ID: حمزہ نسیم

سوال: سری نماز میں امام نے جہر سے صرف الحمد للہ رب کہا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام نے اگر سری نماز میں جہری یا جہری میں سری قراءت شروع کردی اور ایک آیت کی مقدار جس سے نماز کا فرض ادا ہو جاتا ہے یعنی کم از کم دو کلمات جو چھ حروف پر مشتمل ہوں پڑھ لیا تو سجدہ سہو واجب ہو گیا۔ معلوم کئے گئے مسئلہ میں امام نے چونکہ الحمد للہ رب پڑھ لیا تھا اور الحمد للہ کہنے سے فرض کی مقدار ادا ہو جاتی ہے لہذا امام پر سجدہ سہو واجب ہو گیا، البتہ آدھی سے زیادہ جہرا سورہ فاتحہ پڑھنے سے پہلے امام نے سر کے ساتھ دوبارہ سورہ فاتحہ پڑھ لی تو سجدہ سہو ساقط ہو جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: امام نے جہری نماز میں بقدر جواز نماز یعنی ایک آیت آہستہ پڑھی یا سرّی میں جہر سے تو سجدۂ سہو واجب ہے اور ایک کلمہ آہستہ یا جہر سے پڑھا تو معاف ہے۔ (بہار شریعت، جلد1، حصہ4، 714)

فتاوی رضویہ میں فرض قراءت کی مقدار معلوم کی گئی تو اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: وہ آیت کہ چھ حروف سے کم نہ ہو اور بہت نے اس کے ساتھ یہ بھی شرط لگائی کہ صرف ایک کلمہ کی نہ ہو۔ (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ344)

احکام لقمہ میں ہے: اگر ایک آیت کی مقدار پڑھ چکا ہے (جیسے الحمد للہ کہہ چکا ہے) تو اب لقمہ نہیں دے سکتے۔ (احکام لقمہ، صفحہ24)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاول 1443/05 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

36

امامت کی شرائط

سوال: امامت کی شرائط کیا ہیں؟

User ID: محمد وقاص قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امامت کی چھ شرائط ہیں، اگر اس میں سے ایک بھی کم ہو تو امامت درست ہی نہیں ہو گی۔ مسلمان ہونا بالغ ہونا، عاقل ہونا، مرد ہونا، قراءت کا درست ہونا اور معذور شرعی نہ ہونا۔ یاد رہے امام فاسق معلن بھی نہیں ہونا چاہیے۔ بہار شریعت میں ہے: مرد غیر معذور کے امام کے لئے چھ شرطیں ہیں: اسلام، بلوغ، عاقل ہونا، مرد ہونا، قراءت، معذور نہ ہونا۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 561)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

37

امام التحیات پڑھ کر کھڑا ہو گیا

سوال: امام نے قعدہ اولی میں التحیات پڑھی اور کھڑا ہو گیا تو مقتدی التحیات مکمل کرے یا کھڑا ہو جائے؟

User ID: ایاز محمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر قعدہ اولی میں تشہد پڑھ کر کھڑا ہو گیا اور مقتدی نے ابھی التحیات مکمل نہیں کی تو اس پر واجب ہے کہ التحیات عبدہ و رسولہ تک پڑھ کر کھڑا ہو۔ در مختار میں ہے: او قیام لثالثۃ (قبل تمام المؤتم التشھد) فانہ لایتابعہ بل یتمہ لوجوبہ ترجمہ: یا اگر امام مقتدی کے تشہد مکمل کرنے سے پہلے تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے، تو مقتدی اس کی پیروی نہیں کرے گا، بلکہ تشہد واجب ہونے کی وجہ سے اسے مکمل کرے گا۔

(الدر مختار مع رد المحتار، جلد2، صفحہ 244)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جنازہ

الصلوۃ والسلام علیك یا رسول اللہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم
وعلی آلك واصحبك یا حبیب اللہ
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

38

فوت شدہ بیوی کو غسل

سوال: شوہر اپنی فوت شدہ بیوی کو غسل کیوں نہیں دے سکتا؟

User ID: یسین خلیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بیوی کا انتقال ہوتے ہی شوہر بیوی کا نکاح ختم ہو جاتا ہے اور وہ عورت شوہر کے لئے اجنبیہ ہو جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ شوہر اپنی بیوی کی میت کو نہ غسل دے سکتا ہے نہ بلا حائل چھو سکتا ہے۔ بدائع الصنائع میں ہے: إذا ماتت المرأة حيث لا يغسلها الزوج؛ لأن هناك انتهى ملك النكاح لانعدام المحل، فصار الزوج أجنبيا فلا يحل له غسلها ترجمہ: جب عورت کا انتقال ہو جائے تو مرد اسے غسل نہیں دے سکتا اس لئے کہ اس وقت محل کے معدوم ہو جانے کی وجہ سے ملک نکاح ختم ہو گئی تو شوہر اجنبی ہو گیا اس لئے وہ عورت کو غسل نہیں دے سکتا۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 318)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

39

نماز جنازہ کے ارکان

سوال: کیا نماز جنازہ میں بھی کوئی رکن ہوتا ہے؟

User ID: ذیشان رضا عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز جنازہ کے دو رکن ہیں، چار بار اللہ اکبر کہنا اور قیام۔ بہار شریعت میں ہے: نماز جنازہ میں دو رکن ہیں: (1) چار بار اللہ اکبر کہنا (2) قیام۔ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 828)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاول 1443/30 نومبر 2022ء

40

بالغ ونابالغ کا ایک ساتھ جنازہ

سوال: اگر بچے اور بڑے کا جنازہ ہو تو ساتھ پڑھ سکتے ہیں اگر پڑھ سکتے ہیں تو دعا کون سی پڑھیں گے؟

User ID: حمزہ قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بالغ ونابالغ کا جنازہ موجود ہو تو دونوں کا ساتھ جنازہ پڑھ سکتے ہیں البتہ الگ الگ پڑھنا افضل ہے، ساتھ پڑھیں تو تیسری تکبیر کے بعد پہلے بالغوں والی دعا پڑھیں گے پھر نابالغوں والی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: بالغوں کے ساتھ نابالغوں کی نماز بھی ہو سکتی ہے۔ دونوں دعائیں پڑھی جائیں، پہلے بالغوں کی پھر نابالغوں کی۔ اور بہر حال اگر وقت نہ ہو تو ہر جنازے پر جدا نماز بہتر ہے۔

(فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ200)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

41

پاگل کی نماز جنازہ میں دعا

سوال: پاگل اگر بالغ ہو تو اس کی نماز جنازہ میں کون سی دعا پڑھی جائے؟　　User ID: محمد زبیر سیال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد یا عورت بالغ ہونے سے پہلے ہی پاگل ہو اور بالغ ہونے کے بعد بھی کبھی بہتری نہ ہوئی تو ان کی نماز جنازہ میں نابالغوں والی دعا پڑھیں گے، مرد کے لئے نابالغ والی اور عورت کے لئے نابالغہ والی دعا پڑھی جائے گی۔ اور اگر پاگل پن بالغ ہونے کے بعد ہوا یا نابالغی سے تھا مگر بالغ ہونے کے بعد کبھی اس میں بہتری بھی ہوئی تو ایسے کی نماز جنازہ میں بالغوں والی دعا پڑھی جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: میت مجنون یا نابالغ ہو، تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دُعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا اور لڑکی ہو تو اجْعَلْھَا اور شَافِعَۃً وَّ مُشَفَّعَۃً کہے۔ مجنون سے مراد وہ مجنون ہے کہ بالغ ہونے سے پہلے مجنون ہوا، کہ وہ کبھی مکلف ہی نہ ہوا اور اگر جنون عارضی ہے، تو اس کی مغفرت کی دعا کی جائے، جیسے اوروں کے لیے کی جاتی ہے، کہ جنون سے پہلے تو وہ مکلف تھا اور جنون کے پیشتر کے گناہ جنون سے جاتے نہ رہے۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ835)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

42

بیٹے نے جنازہ پڑھ لیا تو باقی لوگ

سوال: اگر بیٹے جنازہ پڑھ چکے ہوں تو بعد میں باقی رشتے دار جنازہ پڑھ سکتے ہیں؟

User ID: ابن انور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیٹا میت کا ولی اقرب کہلاتا ہے، جب ولی اقرب جنازہ پڑھ لے یا اس کی اجازت سے جنازہ ادا کرلیا جائے تو اب جنازہ کا اعادہ جائز نہیں ہوتا یہاں تک کہ چند بیٹے ہوں اور ایک بیٹے نے جنازہ ادا کرلیا تو باقی بیٹے بھی اعادہ نہیں کرسکتے تو دیگر رشتے داروں کا اعادہ کرنا تو بدرجہ اولی ناجائز ہوگا۔ اعلی حضرت فرماتے ہیں: مذہب مہذب حنفی میں جبکہ ولی نماز پڑھ چکا یا اس کے اذن سے ایک بار نماز ہوچکی، تو اب دوسروں کو مطلقاً جائز نہیں، نہ ان کو جو پڑھ چکے نہ اُن کو جو باقی رہے۔ ائمہ حنفیہ کا اس پر اجماع ہے۔ (فتاوی رضویہ جلد9، صفحہ 318)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1443/17 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

زکوٰۃ

43

پلاٹ کی فائل پر زکوۃ

سوال: میں نے پلاٹ کی فائل خریدی اور اس پر زکوۃ دیتا رہا اب پتا چلا کہ فائل خریدنا جائز نہیں تو زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ جگہ پلاٹ بیچنے والے کی ملک میں ابھی آئی ہی نہیں تو یہ خرید وفروخت شرعی اعتبار سے باطل ہوئی اور اگر وہ جگہ ملک میں تھی لیکن جو پلاٹ بیچا گیا وہ متعین نہیں تھا تو یہ خرید وفروخت فاسد ہوئی اور خرید وفروخت کی یہ دونوں ہی صورتیں ناجائز و حرام ہیں، بائع و مشتری دونوں کو چاہیے کہ اس سے توبہ کریں۔ بیع باطل کی صورت میں چونکہ فریقین کی مبیع (جو چیز بیچی گئی) اور ثمن (جس کے عوض بیچی گئی) پر ملکیت ثابت نہیں ہوتی اور مبیع و ثمن دونوں کے پاس امانت ہوتی ہے لہذا دونوں پر لازم ہے کہ ایک دوسرے کو ان کی امانتیں واپس کردیں۔ بیع باطل کی صورت میں زکوۃ کا حکم یہ ہے کہ ثمن (وہ رقم جس کے بدلے فائل خریدی) پر مشتری ہی کی ملکیت تھی لہذا اس پر شرائط کے ساتھ زکوۃ فرض تھی اور جب اس کی زکوۃ دی تو ادا ہوگئی۔ بیع فاسد کا حکم یہ ہے کہ بائع و مشتری پر لازم ہے کہ اس بیع کو فسخ کردیں کیونکہ بیع فاسد میں مبیع و ثمن پر بائع و مشتری کی ملکیت ملک خبیث ہوتی ہے۔ زکوۃ کے حوالہ سے حکم یہ ہے کہ چونکہ مشتری اب ثمن کا مالک نہیں رہا لہذا اس پر اس کی زکوۃ بھی فرض نہیں تھی تو جو زکوۃ دے دی اس کو اگلے سال کی زکوۃ میں شمار کرسکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

44

ساس کو زکوۃ

سوال: ساس کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟

User ID: سیف اللہ شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ساس کو زکوۃ دینا جائز ہے جبکہ وہ مستحقہ ہو اور سیدہ یا ہاشمیہ نہ ہو۔فتاوی اہلسنت میں ہے:ساس، سسر۔۔۔ان سب کو زکوۃ دینا جائز ہے بشرطیکہ مستحق ہوں۔

(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 399)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 جمادی الاول 1443/01 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

45

شوہر کو زکوۃ دینے کا وکیل بنانا

سوال: بیوی نے شوہر کو اپنی زکوۃ کی رقم دی اور کہا کسی بھی مستحق کو دے دیں تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: سید اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس طرح زکوۃ خود کسی مستحق کو پہنچائی جاتی ہے اسی طرح کسی وکیل یعنی نائب کے ذریعے بھی زکوۃ کی ادائیگی ہو سکتی ہے۔ زکوۃ کا نائب کسی کو بھی بنایا جا سکتا ہے لہذا بیوی اگر شوہر کو اپنی زکوۃ کا وکیل بناتی ہے تو اس میں شرعا کوئی حرج نہیں اور زکوۃ بھی مستحق تک پہنچائی تو ادا ہو جائے گی۔ فیضان زکوۃ میں ہے: زکوۃ کی ادائیگی کے لیے کسی کو وکیل بنانا جائز ہے۔ (فیضان زکوۃ، صفحہ 83)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاول 1443/03 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

46

غلط فہمی میں زیادہ زکوۃ دے دی

سوال: میں نے ایک فائل 5 لاکھ کی خریدی اور میں اس کی مارکیٹ ویلیو 30 لاکھ پر زکوۃ دیتا رہا پھر مجھے پتا چلا کہ مجھے صرف 5 لاکھ پر زکوۃ دینی تھی کیونکہ فائل کی خرید و فروخت باطل ہے اب جو زیادہ زکوۃ دے دی اس کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ نے 25 لاکھ پر جو اضافی زکوۃ دی اس کو آپ اگلے سال کی اپنی کل زکوۃ میں شمار کرسکتے ہیں۔ مثلا 30 لاکھ پر 75000 زکوۃ ادا کی تو اس میں سے 12500 تو 5 لاکھ پر زکوۃ ادا ہو گئی باقی 62500 کو اگلے سالوں کی زکوۃ میں ایڈجیسٹ کر سکتے ہیں۔ محیط برہانی میں ہے: ولو کان عند رجل أربعمائة درهم فظن أن عنده خمسمائة درهم فأدى زكاة خمسمائة درهم ثم ظهر أن عنده أربعمائة فله أن يحتسب الزيادة للسنة الثانية ترجمہ: اور اگر کسی کے پاس چار سو درہم تھے اور اسے گمان ہوا کہ اس کے پاس پانچ سو درہم ہیں اور اس نے پانچ سو درہم کے حساب سے زکوۃ دے دی پھر اسے پتا چلا کہ اس کے پاس چار سو درہم تھے تو اس کے لئے اضافی زکوۃ کو اگلے سال میں شمار کرنا جائز ہے۔ (محیط برہانی، جلد 2، صفحہ 293)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

47

غیر مستحق کوزکوۃ دے دی

سوال: اگر کسی کوزکوۃ دے دی بعد میں پتا چلا کہ وہ مستحق نہیں توزکوۃ ادا ہوئی؟ اور ہمیں مستحق کا کیسے پتا چلے؟

User ID: حمزہ ادریس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کس کو دی جاسکتی ہے اس کا بیان قرآن وحدیث اور فقہ کی کتابوں میں موجود ہے، اب اگر کسی کے بارے میں پتا نہ چل رہا ہو کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہے یا نہیں بالخصوص آج کے دور میں یہ اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے تو شریعت نے یہ آسانی دی ہے کہ جس کو زکوۃ دینی ہے اس کے بارے میں غور کیا جائے، اگر گمان غالب ہو جائے کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہوگا تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے، بالفرض وہ زکوۃ کا مستحق نہ بھی ہوا تو بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی البتہ وہ غیر مسلم ہو تو گمان غالب کرنے کے باوجود بھی زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔ اور اگر گمان غالب نہ ہوتا ہو تو زکوۃ نہ دی جائے اگر بغیر گمان غالب کے زکوۃ دی اور وہ مستحق نہ ہوا تو زکوۃ کسی صورت ادا نہیں ہوگی۔ (ملخصا: فیضان زکوۃ، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاول 1443/08 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

حج

و

عمرہ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48

مدینے شریف سے جدہ

سوال: اگر کوئی مدینہ شریف سے جدہ جائے اور وہاں سے اپنے ملک تو کوئی قباحت تو نہیں؟

User ID: شمس الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی شخص مدینے شریف سے جدہ جائے تو اس پر احرام باندھنا واجب نہیں جبکہ درمیان میں حرم سے گزر نہ ہو کیونکہ جدہ حل میں ہے اور اگر کوئی میقات سے گزر کر حرم سے گزرے بغیر حل میں چلا جائے تو اس پر احرام ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر کسی اور جگہ مثلاً جدہ جانا چاہتا ہے تو اسے احرام کی ضرورت نہیں۔

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخر 1444/ 26 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

حلق یا تقصیر سے پہلے دوسرا عمرہ

سوال: اگر کسی نے حلق یا تقصیر نہیں کروائی اور کچھ دنوں بعد دوسرا عمرہ کیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: محمد احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حج وعمرہ کے واجبات میں سے ایک واجب حلق یا تقصیر بھی ہے اور حالت احرام سے باہر آنے کے لئے حلق یا تقصیر کروانا ضروری ہے۔ اگر کسی نے عمرہ کے احرام سے باہر آنے کے لئے حلق یا تقصیر کو اختیار نہیں کیا اور احرام کی خلاف ورزیاں شروع کردیں تو یہاں دو صورتیں ہیں، اگر پہلی مرتبہ خلاف ورزی یہ سمجھ کر کی کہ میں اب حالت احرام سے باہر آگیا ہوں تو آگے جتنی نافرمانیاں کیں ان سب پر ایک ہی دم واجب ہو گا۔ اور اگر احرام ختم کرنے کی نیت نہیں پائی گئی تو جب تک یہ نیت نہ پائی جائے احرام کی جتنی خلاف ورزیاں کیں ان سب پر الگ الگ دم واجب ہو گا۔ اب اگر کسی نے حلق یا تقصیر کروائے بغیر دوسرے عمرہ کا احرام باندھ لیا تو اس پر ایک اور دم واجب ہو گا کیونکہ دوسرا احرام اسی صورت میں باندھا جا سکتا تھا جب پہلے احرام سے حلق یا تقصیر کے ذریعے باہر آئے۔ ان تمام صورتوں میں گناہ گار بھی ہو گا، اس پر توبہ لازم ہے۔

(ماخوذ از: 27 واجبات حج، ص 121، فتاوی حج وعمرہ، ج 2، مسئلہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

50

حرم سے حل میں آنے والا بغیر احرام حرم میں

سوال: فیملی مکہ میں موجود ہو اور صرف ایک فرد کا عمرہ کا ارادہ ہو تو اگر سب مسجد عائشہ گئے تو کیا سب کو عمرہ کرنا پڑے گا؟

User ID: طہ مومن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسجد عائشہ حل میں ہے اور حرم سے اگر کوئی حل میں آتا ہے تو وہ واپس بغیر احرام حرم میں آسکتا ہے، لہذا معلوم کی گئی صورت میں اگر ساری فیملی حرم سے مسجد عائشہ میں آجائے تو ان پر عمرہ لازم نہیں ہو گا وہ واپس بغیر احرام حرم میں آسکتے ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: مکہ والے اگر کسی کام سے بیرونِ حرم جائیں تو انھیں واپسی کے لیے احرام کی حاجت نہیں۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ1068)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

51

حرم سے عمرہ کا احرام باندھنا

سوال: حرم میں موجود شخص نے عمرہ کا احرام حرم سے باندھا اور عمرہ ادا کرلیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: صاحبزادہ سید طاہر علی حسینی نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حرم میں موجود شخص کے لئے بھی لازم ہے کہ وہ عمرہ کا احرام حرم سے باہر باندھے، اگر کسی نے عمرہ کا احرام حرم سے باندھا اور عمرہ ادا کرلیا تو اس پر دم لازم ہو گا۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: اگر کسی نے عمرہ کا احرام حرم سے باندھا تو اس پر دم لازم ہو گا اگر بیرون حرم یعنی حل جا کر تلبیہ کہہ آیا تو اب دم ساقط ہو جائے گا۔۔۔ (دم کا ساقط ہونا اس صورت میں ہے) کہ طواف سے پہلے پہلے جا سکتا ہے۔

(27 واجبات حج، صفحہ 54)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاول 1443/14 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52

نفلی طواف ادھورا چھوڑنا

سوال: ایک شخص نے نفلی طواف شروع کیا اور ایک چکر لگا کر چھوڑ دیا اور اپنے وطن آگیا تو کیا حکم ہے؟

User ID: زاہد قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نفلی طواف شروع کرنے سے اس کو پورا کرنا واجب ہو جاتا ہے لہذا اگر کسی نے نفلی طواف مکمل نہ کیا اور اب وطن بھی واپس آگیا تو اس پر توبہ لازم ہے۔ کفارہ کے حوالہ سے تفصیل یہ ہے کہ اگر نفلی طواف شروع کیا اور اس کے اکثر حصہ یعنی چار یا اس سے زائد پھیروں کو چھوڑ دیا تو دم لازم ہے اور اگر چار سے کم چھوڑے تو ہر پھیرے کے بدلے ایک صدقہ فطر لازم آتا ہے۔ معلوم کی گئی صورت میں اکثر حصہ کو چھوڑ دیا گیا ہے لہذا دم لازم ہے البتہ اس شخص کا واپس جانا ہو اور وہ ان 6 رہ جانے والے چکروں کا اعادہ کرلے تو اس پر سے دم ساقط ہو جائے گا۔

(ماخوذ از: فتاوی حج و عمرہ، جلد 17، مسئلہ 506، ماہنامہ فیضان مدینہ، ذوالقعدہ، 1440)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1443/17 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

53

دم کا مطلب

سوال: میں نے چند بار یہ لفظ پڑھا ہے کہ دم لازم ہوتا ہے تو دم کا کیا مطلب ہے؟

User ID:شاہزیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

دم کفارہ کی ایک صورت ہے جو مخصوص صورتوں میں لازم آتا ہے۔دم میں بکرا، بکری، دنبہ، بھیڑ کو ذبح کیا جاتا ہے نیز گائے یا اونٹ کا ساتوں حصہ بھی دیا جا سکتا ہے لیکن ان جانوروں کا حدود حرم میں قربان ہونا ضروری ہے البتہ یہ اختیار ہے کہ خود قربان کرے یا کسی اور کو وکیل بنا دے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1443/17 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

54

احرام میں خوشبودار صابن

سوال: حالت احرام میں خوشبودار صابن استعمال کر لیا تو کیا کفارہ ہے؟

User ID: علمدار علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں خوشبودار صابن کے استعمال سے بچنا چاہیے لیکن اگر کسی نے کیا تو اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں، وجہ یہ ہے کہ صابن وغیرہ کو آگ کے عمل سے گزارا جاتا ہے جس کی وجہ سے خوشبو کا اعتبار ساقط ہو جاتا ہے۔

(ماخوذ از: احرام اور خوشبودار صابن)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/ 22 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

55

بارہویں کی رمی چھوڑ دی

سوال: اگر کوئی بارہویں کی رمی کے لئے جارہا تھا اور طبیعت کی خرابی کی وجہ سے واپس آگیا اور نہ کی تو کیا حکم ہے؟

User ID: خالد اقبال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی دن کی رمی ترک کر دی تو تیرہ ذوالحجہ کی غروب سے پہلے پہلے اس رمی کی قضا کرے اور رہ جانے والی رمی کا دم واجب ہو گا یعنی قضا بھی کرنی ہو گی اور دم بھی دینا ہو گا البتہ تیرہ کے غروب کے بعد صرف دم لازم رہے گا قضا ساقط ہو جائے گی، اگر بلا عذر ترک کی تو گناہ گار بھی ہوا اس پر توبہ لازم ہے۔ مفتی علی اصغر صاحب لکھتے ہیں: اگر کسی دن کی رمی بالکل ہی نہ کی تو جب تک ایامِ رمی باقی ہیں رمی کی قضا کرے گا تیرہ تاریخ کو غروب سے پہلے تک رمی کے آخری دن کا وقت ہے۔ قضا کے ساتھ ساتھ دم بھی واجب ہو گا۔ یاد رہے کہ یہ قضا کفارے سمیت واجب ہے یعنی 13 تاریخ کا سورج غروب ہونے تک کفارہ اور قضا دونوں واجب ہیں البتہ اس کے بعد صرف کفارہ واجب رہے گا، قضا ساقط ہو جائے گی۔ (27 واجباتِ حج، صفحہ 107)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخری 1444/26 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

نکاح

56

مہر معجل اور مؤجل

سوال: مہر معجل اور مؤجل کی وضاحت کر دیں؟

User ID: ذیشان حیدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معجل عجلت سے ہے یعنی جلدی کرنا مہر معجل کا معنی ہو گا جلدی مہر دینا اور یہاں جلدی سے مراد خلوت سے پہلے مہر دینا ہے۔ مؤجل اجل سے ہے یعنی مقررہ وقت، مراد یہ ہے کہ مہر کے لئے کوئی وقت مقرر کر لیا جائے کہ اتنے عرصہ میں مہر کی ادائیگی کی جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: معجل کہ خلوت سے پہلے مہر دینا قرار پایا ہے۔ اور مؤجل جس کے لیے کوئی میعاد مقرر ہو۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 75)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/21 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

57

رضاعی بھائی کی بیٹی سے نکاح

سوال: زید کی بہن نے زید کو دودھ پلایا اب زید کی بہن اپنے بیٹے کا نکاح زید کی بیٹی سے کرنا چاہتی ہے کیا درست ہے؟

User ID: عتیق رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زید کی بہن کے بیٹے کا نکاح زید کی بیٹی کے ساتھ کرنا حرام ہے اس لئے کہ زید کی بہن نے زید کو دودھ پلایا تو وہ زید کی رضاعی والدہ ہوگئی اور بہن کے بچے زید کے رضاعی بھائی بہن ہوگئے اور بھائی کی بیٹی (بھتیجی) جس طرح نسب میں حرام ہے اسی طرح رضاعت میں بھی حرام ہے، چونکہ زید کی بیٹی زید کے رضاعی بھائی کے لئے رضاعی بھتیجی ہوئی لہذا ان کا نکاح نہیں ہو سکتا۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے، جب صحابہ کرام علیھم الرضوان نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی سے نکاح کرلیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: إنها لا تحل لي، إنها ابنة أخي من الرضاعة، ويحرم من الرضاعة ما يحرم من الرحم ترجمہ: بے شک وہ میرے لئے حلال نہیں کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے اور جو رشتہ نسب سے حرام ہے وہ رضاعت سے بھی حرام ہے۔ (مسلم، حدیث 1447)

فتاوی رضویہ میں ہے: صاف اشارہ ہے کہ رضاعی بھائی کی بیٹی حرام ہے جب بھائی نے اپنی بہن کا دودھ پیا تو وہ اپنی بہن کے بیٹے کا رضاعی بھائی ہوگیا تو اس کی بیٹی بہن کے بیٹے کے لیے کیونکر حلال ہو سکتی ہے۔ (جلد 11، ص 494)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 جمادی الاول 1443/01 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

58

مہر کی موجودہ مقدار

سوال: آج کل کے حساب سے مہر کی مقدار کیا بنتی ہے؟

User ID: عبد الباری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مہر کی کم سے کم مقدار دس درہم ہے جو چاندی کے اعتبار سے 2 تولہ ساڑھے 7 ماشہ چاندی بنتی ہے اور فی زمانہ گرام کے اعتبار سے 30.618 چاندی بنتی ہے۔

(ماخوذا: دار الافتاء اہلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59

ڈرامے یا فلم میں ہونے والا نکاح

سوال: ڈرامے اور فلم میں نکاح ہوتا ہے تو کیا وہ منعقد ہو جاتا ہے؟

User ID: روحان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایة الحق والصواب

فلموں وڈراموں میں نام تبدیل ہوتے ہیں اس لیے نکاح نہیں ہو گا ہاں اگر لڑکی لڑکا خود ایجاب و قبول کریں یا نکاح خواں صحیح ناموں کے ساتھ نکاح پڑھائے تو نکاح ہو جائے گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

60

نکاح پڑھانے کی اجرت

سوال: ایک میسج عالمگیری کے حوالہ سے چل رہا ہے کہ آج کل کے حساب سے کنواری کا نکاح پڑھانے کا ہدیہ 25000 اور بیوہ کا 12500 ہونا چاہیے، رہنمائی فرمائیں کہ صحیح ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فتاوی عالمگیری میں جو جزئیہ ہے کہ نکاح خواں کنواری کا نکاح پڑھانے کا ایک دینار لے اور غیر کنواری کا آدھا دینار، اس سے مراد یہ نہیں کہ نکاح خواں کے لئے یہ لینا واجب ہے بلکہ اس دور میں ایک مقدار مقرر کرلی گئی تھی اور گویا وہاں کا عرف بن گیا تھا لیکن فی زمانہ نہ ہی ایسا کوئی عرف ہے اور نہ ہی یہ مقرر ہے بلکہ آج کے دور میں اگر کوئی اتنی اجرت کا تقاضا کرے گا تو لوگ مذہبی لوگوں سے بدظن ہوں گے۔ لوگوں کو احساس دلانے کے لئے زیادہ اجرت کا مطالبہ ضروری نہیں بلکہ علماء بیانات کے ذریعے لوگوں کو ذہن دیتے رہتے ہیں، اب اگر کوئی اپنی خوشی سے جتنا بھی ہدیہ دینا چاہے تو اس کی مرضی ہے۔ نکاح خواں کو چاہیے کہ پہلے سے مناسب فیس طے کرلے تاکہ بعد میں بحث و مباحثہ نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

دوسرے نکاح کے لئے پہلی بیوی سے اجازت

سوال: دوسری شادی کے لئے پہلی بیوی سے اجازت لینا ضروری ہے؟

User ID: خالد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دوسری شادی کے لئے پہلی بیوی سے اجازت لینا شرعا ضروری نہیں لیکن اگر کسی ملک کا قانون ہو تو آزمائش سے بچنے کے لئے بیوی سے اجازت لے لینی چاہیے نیز فی زمانہ حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ پہلی بیوی، اپنے والدین اور پہلی بیوی کے والدین کو اعتماد میں لے کر دوسری شادی کرے تاکہ گھریلو جھگڑوں سے بچا جاسکے۔ یاد رہے مرد اسی صورت میں ایک سے زیادہ نکاح کر سکتا ہے جب کہ وہ بیویوں میں عدل قائم رکھ سکتا ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

62

نانی کا بھائی

سوال: کیا نانی کا بھائی محرم ہوتا ہے؟

User ID: محمد طاہر آصف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بہن بھائی کی ساری اولادیں نیچے تک یعنی ان کی پوتیاں، نواسیاں بھی محرم ہوتی ہیں، لہذا نانی کا بھائی بھی محرم ہے۔ بہار شریعت میں ہے: بھتیجی، بھانجی سے بھائی، بہن کی اولادیں مراد ہیں، ان کی پوتیاں، نواسیاں بھی اسی میں شمار ہیں۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاول 1443/15 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

63

جن و انسان کا نکاح

سوال: کیا جن اور انسان کا آپس میں نکاح ہو سکتا ہے؟

User ID: محمد طارق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انسان اور جن کا آپس میں نکاح نہیں ہو سکتا۔ بہار شریعت میں ہے: مرد کا پری (جنی) سے یا عورت کا جن سے نکاح نہیں ہو سکتا۔

(بہار شریعت، جلد 2، صفحہ 4)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 جمادی الاول 1443/16 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

64

نکاح کے گواہ غیر مسلم

سوال: کیا مسلمان مرد و عورت کے نکاح میں غیر مسلم گواہ بن سکتے ہیں؟

User ID:عبدالستار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مسلمان مرد کا نکاح مسلمان عورت سے ہو تو گواہوں کا مسلمان ہونا شرط ہے۔ بہار شریعت میں ہے: مسلمان مرد کا نکاح مسلمان عورت کے ساتھ ہے تو گواہوں کا مسلمان ہونا بھی شرط ہے۔

(بہار شریعت، جلد2، صفحہ 11)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

خواتین کے مسائل

65

عورت کا ڈرائیونگ کرنا

سوال: کیا عورت گاڑی چلا سکتی ہے؟

User ID:عبدالباسط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر گھر سے باہر نکلنے کی ضرورت ہو تو عورت شرعی پردے میں رہتے ہوئے ڈرائیونگ کر سکتی ہے جبکہ ٹریفک کے قوانین کا خیال رکھے البتہ یہ یاد رہے کہ عورت بغیر محرم سفر شرعی یعنی 92 کلو میٹر کا سفر نہیں کر سکتی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/22 دسمبر 2022ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلی آلک واصحبک یا حبیب اللہ
Website: www.arqfacademy.com
Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

66

حاملہ کو خون آئے تو روزہ

سوال: اگر حمل میں تھوڑا خون آجائے تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

User ID: زم زم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دوران حمل نکلنے والا خون حیض نہیں بلکہ استحاضہ (بیماری) کی وجہ سے ہوتا ہے اور استحاضہ کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ حمل ساقط ہونے کی وجہ سے خون آئے تو اس کا حکم الگ ہوگا۔ تاتارخانیہ میں ہے: والدم الذی تراہ الحامل ابتداء او فی حال ولادتھا قبل خروج الولد استحاضۃ

ترجمہ: جو خون حاملہ دوران حمل یا ولادت کے وقت بچے کے باہر آنے سے پہلے دیکھتی ہے استحاضہ ہے۔

(الفتاوی التاتارخانیہ، جلد 1، صفحہ 541)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاول 1443/30 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

67

ماں کب تک بچے کو نہلا سکتی ہے

سوال: ماں کس عمر تک بچہ کو نہلا سکتی ہے؟

User ID: تصور اقبال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

بچہ جب قریب البلوغ ہو جائے تو اس کا حکم بالغ والا ہے اور لڑکے کے لئے یہ عمر 11 سال ہے لہذا ایسے بچہ کو ماں ہرگز نہیں نہلا سکتی اور اس سے چھوٹا مگر سمجھ دار بچہ ہو تو بھی ماں کو نہیں نہلانا چاہیے کیونکہ ایسے بچہ کو بھی اپنے آگے اور پیچھے کے مقام کو چھپانے کا حکم ہے البتہ ناسمجھ بچہ ہو تو ماں اس کو نہلا سکتی ہے۔ بہار شریعت میں ہے: بہت چھوٹے بچے کے لیے عورت نہیں یعنی اس کے بدن کے کسی حصہ کا چھپانا فرض نہیں، پھر جب کچھ بڑا ہو گیا تو اس کے آگے پیچھے کا مقام چھپانا ضروری ہے۔ پھر جب اور بڑا ہو جائے دس برس سے بڑا ہو جائے تو اس کے لیے بالغ کا سا حکم ہے۔

(بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 442)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

68

چالیس دن سے پہلے خون بند ہو جائے

سوال: اگر پہلے بچہ کی ولادت ہوئی ہو اور خون چالیس دن سے پہلے بند ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

User ID: ام کلثوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی عورت کے ہاں پہلی بار ولادت ہوئی اور چالیس دن سے پہلے نفاس کا خون بند ہو جائے تو وہ غسل کر کے نمازیں پڑھنا شروع کردے، اگر چالیس دن کے اندر دوبارہ آجائے تو نمازیں روک دے اور بند ہونے پر دوبارہ غسل کر کے نمازیں پڑھے، چالیس دن تک جو بھی خون آئے گا وہ نفاس ہی میں شمار ہو گا اگرچہ درمیان میں کئی دنوں تک نہ آئے۔ اگر چالیس دن سے پہلے بند ہو گیا اور چالیس دن کے اندر دوبارہ نہ آیا تو عورت نفاس سے پاک شمار ہو گی، غسل کر کے نمازیں جاری رکھے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: بچہ پیدا ہونے کے بعد جب تک خون آئے ناپاک رہے گی جس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس روز کامل ہے اور کم کی کوئی حد نہیں، اگر پاؤ منٹ آکر بند ہو گیا اور چالیس ۴۰ روز تک پھر نہ آیا تو اسی پاؤ منٹ کے بعد پاک ہو گئی نہا کر نماز پڑھے اور اگر چالیس روز کامل تک آیا یا اس سے کم، تو جس وقت بند ہوا اس وقت پاک ہوئی۔ بیس ۲۰ تیس ۳۰ چالیس ۴۰ جتنے دن ہوں۔ (فتاوی رضویہ، جلد4، صفحہ365)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاول 1443/06 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

69

ایام مخصوصہ میں پہنے جانے والے کپڑے

سوال: ایام مخصوصہ میں جو لباس، عبایا، چادر وغیرہ استعمال کی جاتی ہے کیا بعد میں ان کو دھونا ضروری ہے؟

User ID: بنت اشتیاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایام مخصوصہ میں استعمال کیا جانے والا لباس، عبایا، چادر وغیرہ کو دھونا ضروری نہیں، ہاں اگر ان پر مانع نماز نجاست لگی ہو اور ان میں نماز پڑھنی ہو تو ان کو پاک کرنا ضروری ہوگا۔ یہ خیال کرنا کہ ایام مخصوصہ میں پہنا جانے والا لباس وغیرہ بغیر نجاست لگے بھی ناپاک ہو جاتا ہے تو یہ جہالت اور غیر مسلموں کا طریقہ ہے، چیز اسی وقت ناپاک ہوگی جب اس پر خون وغیرہ کی کوئی نجاست لگے گی اور اس کا اتنا ہی حصہ ناپاک ہوگا جتنے پر نجاست لگی ہے نہ کہ وہ پوری چیز۔

(ماخوذ از: فتاوی رضویہ، جلد4، صفحہ356، خواتین کے مخصوص مسائل، صفحہ133)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

70

حیض کا شمار کب سے ہو گا

سوال: عورت رات کو سوئی تو پاک تھی لیکن رات میں یا صبح خون کا اثر دیکھا تو کب سے حائضہ شمار ہو گی؟

User ID: محمد حفیظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت جب حیض کا اثر دیکھے گی تب سے ہی حائضہ شمار ہو گی۔ اگر پاکی کی حالت میں سوئی اور رات میں کسی وقت خون کا اثر دیکھا تو رات سے ہی حائضہ شمار ہو گی اگر بالفرض نماز عشاء نہیں پڑھی تھی تو اب نماز اس سے ساقط ہو گئی۔ اور اگر پاکی کی حالت میں سوئی اور صبح خون کا اثر دیکھا تو جس وقت دیکھا اس وقت سے حیض شمار کرے گی، اس صورت میں اگر رات کو عشاء کی نماز نہیں پڑھی تھی تو پاک ہونے پر اس کی قضا فرض ہے۔

(ماخوذ از: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 382)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

71

حیض میں تین قل پڑھنے کی اجازت

سوال: عورت حیض ونفاس میں چاروں قل پڑھ سکتی ہے؟

User ID: ام زید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حیض و نفاس میں عورت کو وہ آیات پڑھنے کی اجازت ہے جو حمد و ثنا، دعا یاذکر پر مشتمل ہوں اور وہ بھی قرآن کی نیت سے نہیں بلکہ دعا، حمد یا ذکر اللہ کی نیت سے پڑھ سکتی ہے۔ قرآن پاک میں موجود آخری تینوں قل یعنی سورہ اخلاص، فلق اور ناس حمد و دعا پر مشتمل ہیں لیکن اس میں موجود لفظ "قل" اس کا قرآن ہونا متعین کر دیتا ہے یعنی اب فقط حمد یا دعا کی نیت کافی نہیں لہذا حیض نفاس والی عورت لفظ قل کو ہٹا کر حمد یا دعا کی نیت سے ان تینوں قل کو پڑھ سکتی ہے۔ یاد رہے حیض و نفاس والی سورہ کافرون کسی صورت نہیں پڑھ سکتی کیونکہ اس میں حمد و دعا کا معنی نہیں۔

(ماخوذ از: فتاوی رضویہ، جلد1، حصہ ب، صفحہ1114، 1078، بہار شریعت، جلد1، صفحہ326)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ ــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

21 جمادی الاول 1443/16 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

72

عورتوں کی نماز کا وقت

سوال: اسلامی بہنوں کی نماز کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟

User ID: سراج عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز کا وقت تو مرد و عورت سب کا ایک ساتھ ہی شروع ہوتا ہے البتہ عورت کے لئے افضل یہ ہے کہ فجر کے علاوہ باقی نمازیں مردوں کی جماعت ہونے کے بعد پڑھے اور فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھ لے، یہ افضل ہے اگر اس کے خلاف بھی کیا تو نماز ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: عورتوں کے لیے ہمیشہ فجر کی نماز غلس (یعنی اول وقت) میں مستحب ہے اور باقی نمازوں میں بہتر یہ ہے، کہ مردوں کی جماعت کا انتظار کریں، جب جماعت ہو چکے تو پڑھیں۔ (بہار شریعت، جلد1، صفحہ452)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1443/17 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

73

حیض میں نماز معاف اور روزہ کی قضا

سوال: حیض میں نماز روزہ دونوں معاف ہیں یا صرف نماز اگر صرف نماز ہے تو وجہ بھی بتائیں؟

User ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایام حیض و نفاس میں عورتوں کو نماز معاف ہے البتہ روزوں کی قضا کرنی ہو گی، اس کی پہلی وجہ تو یہ ہے کہ یہ شریعت کا حکم ہے لہذا سر آنکھوں پر ہونا چاہیے اور حکمت اس کی یہ ہے کہ روزے سال میں ایک بار فرض ہوتے ہیں اور ان بھی چند دن ایام مخصوصہ کے ہوتے ہیں تو اس کی قضا میں مشقت نہیں لیکن نماز ہر مہینے ہی رہ جاتی ہیں اگر ان کی قضا کا حکم ہوتا تو اس میں دشواری ہوتی لہذا آسانی کرتے ہوئے شریعت نے نمازوں کی قضا کا حکم نہیں دیا۔

(ماخوذا: مسلم، حدیث، 265، مرآۃ المناجیح، جلد 3، صفحہ 176)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

74

حیض میں طلاق

سوال: کیا حیض کی حالت میں طلاق دی تو ہو جائے گی؟

User ID: بلال رفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت حیض میں طلاق دینا ناجائز و گناہ ہے لیکن اگر کسی نے دی تو واقع ہو جائے گی۔ بخاری، مسلم، ابو داؤد، نسائی، مسند احمد اور دیگر کتابوں میں حدیث موجود ہے، بخاری کے الفاظ یہ ہیں: عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، أنه طلق امرأته وھی حائض علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فسأل عمر بن الخطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ذلک، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرہ فلیراجعھا ترجمہ: عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں اپنی زوجہ کو حالت حیض میں طلاق دے دی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انھیں کہو کہ اپنی زوجہ سے رجوع کرلیں۔ (بخاری، حدیث 5251)

اس حدیث پاک کے تحت عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں ہے: اذا طلقت المراۃ وھی حائض یعتبر ذلک الطلاق، وعلیہ اجمع ائمۃ الفتوی من التابعین وغیرھم ترجمہ: عورت کو جب حالت حیض طلاق دی گئی تو وہ طلاق معتبر ہوگی اور اس پر تابعین اور دیگر اہل فتوی کا اجماع ہے۔

(عمدۃ القاری، ج ۲۰، ص ۳۲۳)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

75

عورت کا نفل پڑھنے مسجد جانا

سوال: کیا عورت نوافل کے لئے مسجد قبا، عائشہ یا قبلتین وغیرہ جا سکتی ہے؟

User ID: بلال احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورتوں کو کسی مسجد میں نماز کے لئے جانا منع ہے۔ حدیث میں ہے: لو ادرک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما احدث النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل ترجمہ: اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے جو باتیں عورتوں نے اب پیدا کر دی ہیں تو ضرور انھیں مسجد سے منع فرما دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کر دیا گیا۔ (بخاری، ج1، ص120)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

76

عورت کا پارلر میں کام کرنا

سوال: عورت کا پارلر میں کام کرنا کیسا؟

User ID: بنت اشرف عطاریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پارلر میں جائز و ناجائز دونوں ہی طرح کے کام ہوتے ہیں لہذا عورت اگر جائز کاموں پر اجارہ کرے مثلا جائز اشیاء سے میک اپ کرنا، بالوں کی جائز کٹنگ کرنا، مہندی لگانا، جائز کلر لگانا وغیرہ تو اس کی اجرت جائز ہوگی اور اگر ناجائز کام بھی اجارے میں شامل ہوں مثلا آئی برو بنانا، خلاف شرع کٹنگ (مثلا عورتوں کو کندھوں سے اوپر بال رکھنا یہ حرام ہے یا فاسقہ عورتوں کی طرح کے بال کاٹنا بھی ممنوع ہے)، پردے کی جگہوں کے بالوں کی صفائی وغیرہ کہ اس میں بلا عذر ستر دیکھنا پایا جا رہا ہے تو یہ اجارہ کرنا بھی ناجائز ہوگا اور اس کی اجرت بھی حلال نہیں ہوگی۔ اسی طرح پارلر میں بے پردگی ہوتی ہو یا مردوں کے ساتھ اختلاط ہوتا ہو یا میوزک وغیرہ ناجائز کام ہوتے ہوں تو بھی عورت کو وہاں کام کرنے کی اجازت نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

77

صحبت سے انکار

سوال: شوہر اگر روز ہمبستری کے لئے بلائے تو عورت کیا کرے؟

User ID: یونی ورس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد و عورت دونوں کو باہمی اتفاق سے زندگی گزارنی چاہیے اور ایک دوسرے کی کیفیات کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ اگر مرد کو حاجت ہو تو عورت منع نہ کرے اور مرد بھی روز روز عورت کو نہ بلائے، اگر بیمار ہو تو زبردستی نہ کرے۔ بہر حال شرعی حکم عورت کے لئے یہی ہے کہ شوہر ہمبستری کے لئے بلائے تو وہ منع نہ کرے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 جمادی الاول 1444/ 22 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

متفرق

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

78

اجتماعی دعا میں آمین کہنا

سوال: کیا اجتماعی دعا میں آمین کہنے سے ثواب ملے گا؟

User ID: غلام یسین عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دعا میں آمین کہنے والا دعا کرنے والوں ہی میں شمار ہوتا ہے تو چونکہ وہ بھی دعا کرنے والا ہے لہذا آمین کہنے پر بھی ثواب بھی ملے گا۔ اللہ کریم ارشاد فرماتا ہے: قَالَ قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُکُمَا ترجمہ: فرمایا تم دونوں کی دعا قبول ہوئی۔ (یونس: 89)

تفسیر: اس آیت میں دعا کی نسبت حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام دونوں کی طرف کی گئی حالانکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام دعا کرتے تھے اور حضرت ہارون علیہ السلام آمین کہتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آمین کہنے والا بھی دعا کرنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ (صراط الجنان، جلد4، صفحہ 369)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاول 1443/30 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

79

حق الیقین اور عین الیقین

سوال: حق الیقین اور عین الیقین کسے کہتے ہیں؟

User ID: ماجد حمید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یقین کے تین درجے ہیں۔ جب ہمیں کسی بات کا یقینی علم ہو تو اسے علم الیقین کہتے ہیں، جب اس کسی بات کو ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں تو اسے عین الیقین کہتے ہیں اور جب ہم اس کے تجربے سے گزر جاتے ہیں تو اسے حق الیقین کہا جاتا ہے۔ مثلا ہمیں یہ یقینی علم ہوا کہ آگ کا کام جلانا ہے تو یہ علم الیقین ہوا، جب ہم نے کسی کو آگ میں جلتے دیکھا تو یہ عین الیقین ہے اور جب آگ نے ہمیں جلایا تو یہ حق الیقین ہو گیا۔ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مدینہ منورہ دنیا میں موجود ہے، ہم یہ جانتے ہیں، یہ ہے: عِلْمَ الْیَقِیْن۔ اگر اللہ پاک ہمیں توفیق عطا فرمائے، ہم مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوں، جب دور سے ہمیں مدینہ پاک کے درو دیوار، مسجد نبوی شریف کے پر نور مینار نظر آنا شروع ہو جائیں تو یہ عَیْنُ الْیَقِیْن ہو جائے گا۔ پھر جب ہم مدینہ پاک کی مبارک فضاؤں میں پہنچ جائیں گے تو یہ ہو گا: حَقُّ الْیَقِیْن۔ (نور العرفان، صفحہ 902)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاول 1444/18 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

80

علم لدنی

سوال: علم لدنی کیا ہوتا ہے؟

User ID: حسنین صابر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وہ علم جو بندے کو بغیر کوشش کے محض اللہ کی بارگاہ سے براہ راست ملے وہ علم لدنی کہلاتا ہے۔ مرقاۃ المفاتیح میں ہے: فإن حصل بواسطۃ البشر فھو کسبی، وإلا فھو العلم اللدنی ترجمہ: علم اگر استاد کے واسطے سے حاصل ہو تو وہ کسبی ہے اور اگر استاد کے واسطے سے حاصل نہ ہو تو لدنی۔ (مرقاۃ المفاتیح، جلد1، صفحہ280)

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: یوں تو ہر علم رب کی طرف سے ملتا ہے لیکن بعض علوم مخلوق کے سکھانے سے حاصل ہوتے ہیں تو ایسے علم کو علم لدنّی نہیں کہتے بلکہ علم لدنّی تو وہ ہوتا ہے جس کا ظہور کسی خارجی معروف سبب کے بغیر ہی قلب (دل) پر ہو جاتا ہے۔ (احیاء العلوم مترجم، ج3، ص73)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

جائز
و
ناجائز

81

بندوق سے شکار

سوال: میرا دوست بندوق سے شکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ تکبیر کہہ کر گولی چلاتا ہوں لہذا حلال ہے، حکم شرعی کیا ہے؟

User ID: بلال احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ محض تفریح کے لئے شکار کھیلنا جائز نہیں، ہاں اگر حصول نفع یا دفع ضرر (فائدہ کو حاصل کرنے یا نقصان کو دور کرنے) مثلا تجارت، کھانے، دوا وغیرہ کے لئے شکار کیا تو شرعا اجازت ہے البتہ کہیں قانونی پابندی ہو تو بچنے کا حکم دیا جائے گا۔ دوسری بات یہ کہ حلال جانور کو کھانے کے قابل بنانے کے اصول شریعت نے مقرر کر دیے ہیں اس میں بنیادی چیز یہ ہے کہ ذبح شرعی پایا جائے اگر ذبح شرعی نہ پایا گیا تو جانور حرام ہو جائے گا۔ بندوق کی گولی سے ذبح شرعی نہیں پایا جاتا کیونکہ اس میں دھار نہیں اور یہ کاٹتی نہیں بلکہ توڑتی ہے لہذا شکار حلال نہیں ہوگا البتہ گولی مارنے کے بعد شکار زندہ پایا گیا اور پھر اسے ذبح کر لیا تو اب وہ حلال ہو جائے گا۔ (ماخوذ از: فتاوی رضویہ، جلد 20)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/ 20 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

82

پتنگ گھر میں آجائے تو

سوال: پتنگ بعض اوقات گھر میں آجاتی ہے اور گھر والا پتنگ پھاڑ دیتا ہے تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: ضیاء عابد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پتنگ کو لوٹنا حرام ہے اور اگر خود گھر میں آکر گر جائے تو اس کو پھاڑ دینے ہی کا حکم ہے اور اس کی ڈور مالک تک پہنچادے، اگر معلوم نہ ہو کہ کس کی ہے تو شرعی فقیر کو صدقہ کردے اور اگر خود شرعی فقیر ہے تو اپنے استعمال میں لا سکتا ہے البتہ بعد میں مالک کا پتا چل جائے اور وہ ڈور کو صدقہ کرنے یا اس کے اپنے استعمال پر راضی نہ ہو تو اس کی قیمت ادا کرنی ہو گی لیکن پتنگ پھاڑنے پر کوئی تاوان نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: کنکیا لُوٹنا حرام، اور خود آکر گر جائے تو اسے پھاڑ ڈالے، اور اگر معلوم نہ ہو کہ کس کی ہے تو ڈور کسی مسکین کو دے دے کہ وہ کسی جائز کام میں صَرف کرلے، اور خود مسکین ہو تو اپنے صرف میں لائے، پھر جب معلوم ہو کہ فلاں مسلم کی ہے اور وہ اس تصدق یا اس مسکین کے اپنے پر راضی نہ ہو تو دینی آئے گی اور کنکیا کا معاوضہ بہر حال کچھ نہیں۔ (فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ 661)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

83

کریڈٹ کارڈ بنوانا ناجائز کیوں

سوال: کریڈٹ کارڈ بنوانا کیوں ناجائز ہے؟

User ID: جواد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کریڈٹ کارڈ بنواتے وقت جو معاہدہ ہوتا ہے اس میں ایک شرط یہ بھی ہوتی ہے کہ کارڈ ہولڈر اگر بینک کی رقم وقت پر ادا نہ کرسکا تو اوپر رقم بطور جرمانہ دینی ہوگی اور یہ اوپر دی جانے والی رقم سود ہے، کارڈ ہولڈر اگرچہ رقم وقت پر ادا کر بھی دے لیکن چونکہ ایک ناجائز شرط پر رضامندی ظاہر کرتا ہے لہذا یہ معاہدہ ناجائز ہوا اور کریڈٹ بنوانا بھی ناجائز ہوا۔ اگر کارڈ ہولڈر وقت پر پے مینٹ نہ کرسکا تو سود کی ادائیگی کرنی ہوگی اور یہ الگ سے ایک گناہ ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

84

مرد جسم کے کون سے حصہ کے بال کاٹ سکتا ہے

سوال: مرد جسم کے کس حصہ کے بال کاٹ سکتا ہے؟

User ID: غلام مصطفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد داڑھی اور بھنوؤں کے علاوہ پورے جسم کے بال کاٹ سکتا ہے البتہ سینہ اور پیٹھ کے بال صاف کرنا ناپسندیدہ ہے لیکن کسی نے سینہ اور پیٹھ کے بال کو صاف کیا تو گناہ نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: سینہ اور پیٹھ کے بال مونڈنا یا کتروانا اچھا نہیں، ہاتھ، پاؤں، پیٹ پر سے بال دور کرسکتے ہیں۔ (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 585)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 جمادی الاول 1443/02 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

85

اجرک ڈے منانا

سوال: سندھ میں اجرک ڈے منایا جاتا ہے کیا جائز ہے؟

User ID: جنید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اجرک ڈے اگر شریعت کی حدود میں رہ کر منایا جائے تو جائز ہے لیکن فی زمانہ ہمارے ہاں اجرک ڈے میں گانے باجے، ناچ گانا اور دیگر غیر شرعی حرکات ہوتی ہیں لہذا یہ چیزیں ناجائز ہی رہیں گی اور اس طرح اجرک ڈے منانا جائز نہیں ہو گا۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاول 1443/03 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

86

نادرا کا ڈیٹا بیچنا

سوال: نادرا کا ڈیٹا بیچنا کیسا؟ اگر کوئی بیچے اور ابھی تک پیسے نہ ملے تو پیسوں کا مطالبہ کرنا کیسا؟

User ID: ملک حمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نادرا کا ڈیٹا بیچنا شرعا ناجائز و حرام بلکہ گناہوں کا مجموعہ ہے اور قانونا بھی یہ سخت جرم ہے۔ اولا تو نادرا کا ڈیٹا شرعی اعتبار سے قابل فروخت چیز نہیں، دوسرا یہ کہ نادرا میں کام کرنے والا جس کے پاس ڈیٹا تک رسائی ہے وہ ایک طرح سے امین ہے کہ اس کے پاس لوگوں کی ذاتی و خاندانی معلومات ہوتی ہے اور یہ معلومات کسی کو فراہم کرنا خیانت ہے، تیسرا یہ کہ یہ قانونا جرم ہے اور ملک کا وہ قانون جو شریعت سے نہ ٹکراتا ہو اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ نادرا کا ڈیٹا بیچنے کا عوض لینا بھی حرام ہے اور جس سے لیا اس کو واپس کرنا ضروری ہے اور جس کو ڈیٹا دیا اور عوض نہیں ملا اس سے مطالبہ حرام ہے۔ بعض اوقات ملک کی ایجنسیاں و قانون نافذ کرنے والے ادارے مجرموں کو پکڑنے کے لئے نادرا سے ڈیٹا لیتے ہیں جو کہ بغیر کسی عوض کے ہوتا ہے اس کی گنجائش ہے کہ ایک تو وہ ملکی قانون کے تحت ہوتا ہے اور شرعا بھی ضرورت متحقق ہوتی ہے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاول 1443/05 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

87

صرف جمعہ کا روزہ

سوال: کیا صرف جمعہ کا روزہ رکھ سکتے ہیں؟

User ID: محمد عدنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

صرف جمعہ کا روزہ رخصوصیت کے ساتھ رکھنا ناپسندیدہ ہے، بہتر یہ ہے کہ جمعہ سے پہلے یا بعد میں بھی ایک روزہ رکھا جائے لیکن کسی نے صرف جمعہ کا روزہ رکھا تو کوئی گناہ نہیں بلکہ جمعہ کو کوئی خاص دن مثلا 27 رجب یا 15 شعبان وغیرہ ہو یا کوئی خاص تاریخوں میں روزہ رکھنے کا عادہ ہو اور جمعہ آجائے تو اس کے لئے جمعہ کا روزہ رکھنے میں کوئی کراہت نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: جمعہ کا روزہ خاص اس نیت سے کہ آج جمعہ ہے اس کا روزہ بالتخصیص چاہئے مکروہ ہے مگر نہ وہ کراہت کہ توڑنا لازم ہُوا، اور اگر خاص بہ نیتِ تخصیص نہ تھی تو اصلاً کراہت بھی نہیں۔ (فتاوی رضویہ، ج10، ص128)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

88

کوئی دکان پر سامان بھول جائے

سوال: میری دکان پر عورت سال پہلے میک اپ کا سامان بھول گئی تھی اب مجھے اس کا معلوم بھی نہیں کیا حکم ہے؟

User ID: ایل کے قائمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر تو اس عورت نے سامان آپ کی حفاظت میں رکھوایا تھا چاہے بول کر یا اشارے سے اور آپ نے زبان یا اشارے یا کسی انداز سے اپنے پاس رکھنے کو قبول کیا تو سامان آپ کے پاس امانت ہے، اس کو سنبھال کر رکھنا اور مالک کے طلب کرنے پر دینا واجب ہے اس کو صدقہ نہیں کر سکتے، نہ خود استعمال کر سکتے ہیں نہ کسی کو دے سکتے ہیں البتہ اس کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو اس کو بیچ کر اس کی قیمت محفوظ رکھنی ہوگی اور جب مالک آجائے تو اس کو دے دیں یا اس کے فوت ہونے کی صورت میں ورثا تک پہنچادیں۔ اور اگر وہ سامان حفاظت میں نہیں دیا گیا بلکہ وہ دکان پر بھول کر چلی گئی تو وہ لقطہ ہے، اس کا حکم یہ ہے کہ اس کی تشہیر کی جائے اور جب گمان غالب ہو جائے کہ مالک اب اس کو تلاش نہیں کر رہا ہوگا تو وہ سامان کسی شرعی فقیر کو دیا جا سکتا ہے، خود شرعی فقیر ہے تو رکھ سکتا ہے یا کسی نیک کام میں خرچ کر سکتا ہے، اگر بعد میں مالک آگیا اور اس نے صدقہ کو جائز کر دیا تو ثواب پائے گا اور اگر مالک نے صدقہ پر رضامندی ظاہر نہ کی تو اس کی قیمت مالک کو واپس کرنی ہوگی۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

89

سالگرہ منانا

سوال: سالگرہ منانا کیسا؟

User ID: نواز اشرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے سالگرہ منانا جائز ہے۔اگر سالگرہ منانے میں خلاف شرع امور کا ارتکاب کیا مثلا گانے گانا یا بجانا،ڈانس، مردوں عورتوں کا اختلاط وغیرہ تو اس انداز پر سالگرہ منانا جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1443/11 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

90

قبر پر پانی ڈالنا

سوال: بعض لوگ قبر پر پانی ڈالنے کو سنت سمجھتے ہیں تو کیا یہ درست ہے؟

User ID: سہیل شریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میت کو دفن کرنے کے بعد قبر پر پانی ڈالنا سنت ہے، اسی طرح اگر قبر پر پودے ہوں تو پانی ڈالنا جائز ہے، یوں ہی قبر کی مٹی منتشر ہو یا منتشر ہونے کا اندیشہ ہو تو پانی چھڑکنا جائز ہے، اس کے علاوہ بغیر کسی غرض صحیح کے قبر پر پانی ڈالنا اسراف ہے جو کہ ناجائز و گناہ ہے چہ جائیکہ اس کو سنت سمجھا جائے۔ (ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد9، صفحہ 373)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

91

کیک پر کرسمس لکھنا

سوال: میں کیک بناتا ہوں اگر کرسچن کرسمس لکھنے کا کہیں تو لکھ کر دے سکتا ہوں؟

User ID: خان جی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کرسچن کو کیک بنا کر دینا اور بیچنا تو جائز ہے لیکن اگر وہ کرسمس لکھنے کا کہیں تو وہ لکھ کر دینے کی شرعا اجازت نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

92

مسجد نبوی میں نمازی کے آگے سے گزرنا

سوال: مسجد نبوی شریف میں نمازی کے آگے سے گزرنا کیسا؟

User ID:از محمد شیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

میدان اور مسجد کبیر میں نمازی کے موضع سجود کے بعد بغیر سترہ کے گزرنا جائز ہے جس کی مقدار علماء نے تین صفیں بیان کی ہے۔ ہمارے دور کے علماء نے یہ فتوی دیا ہے کہ مسجد حرام اور مسجد نبوی اب مسجد کبیر کے حکم میں ہیں لہذا وہاں نمازی کے آگے تین صفوں کے بعد گزرنا جائز ہے۔ یاد رہے مسجد کبیر کی اپنی شرائط ہیں، معلومات کے مطابق پاک وھند میں کوئی مسجد مسجد کبیر کی تعریف پر پورا نہیں اترتی لہذا اپنی مرضی سے کسی مسجد کو کبیر شمار نہ کیا جائے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 جمادی الاول 1443/14 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

93

دعوت کی وجہ سے روزہ توڑنا

سوال: نفل روزہ رکھا اچانک دعوت میں جانا پڑ گیا تو روزہ توڑ سکتے ہیں؟

User ID: عارف قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نفل روزہ بھی بلا عذر توڑنا جائز نہیں البتہ کوئی عذر ہو تو توڑ سکتے ہیں یعنی توڑنے سے گناہ گار نہیں ہو گا لیکن اس کی قضا کرنی ہو گی۔ اگر کسی نے دعوت کی تو ضحوی کبری (نصف النہار شرعی) سے پہلے توڑنے کی اجازت ہے، اس کے بعد نہیں توڑ سکتا۔ بہار شریعت میں ہے: اس کی کسی بھائی نے دعوت کی تو ضحوۂ کبری کے قبل روزۂ نفل توڑ دینے کی اجازت ہے۔

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1008)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 جمادی الاول 1443/15 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

94

جمعہ کی اقامت کا جواب

سوال: جمعہ کی نماز کے لئے جو اقامت کہی جاتی ہے اس کا جواب دے سکتے ہیں؟

User ID: فیضان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

مقتدیوں کو جمعہ کی اذان ثانی اور اقامت کا جواب زبان سے نہیں دینا چاہیے کیونکہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خطیب کے منبر پر آنے کے بعد سے ختم نماز تک کوئی بھی کلام نہیں کر سکتے البتہ دل میں جواب دینا بالکل جائز ہے۔ خطیب اذان ثانی اور اقامت کا جواب زبان سے بھی دے سکتا ہے۔ البدائع الصنائع میں ہے: فأما عند الأذان الأخير حين خرج الإمام إلى الخطبة وبعد الفراغ من الخطبة حين أخذ المؤذن في الإقامة إلى أن يفرغ هل يكره ما يكره في حال الخطبة على قول أبي حنيفة يكره ترجمہ: دوسری اذان کے وقت جب امام خطبہ کے لئے نکلے اور خطبے سے فارغ ہو کر مؤذن اقامت پڑھے، کیا جو فعل خطبہ میں مکروہ ہے اس میں بھی مکروہ ہے؟ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق مکروہ ہے۔ (البدائع الصنائع، جلد1، صفحہ264)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

95

سیمین اینالائسز کروانا

سوال: سیمین اینالائسز مرد کے اسپرم کا ٹیسٹ ہے کیا کرواسکتے ہیں؟

User ID: عبد الباری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فی نفسہ یہ ٹسیٹ کروانا جائز ہے جبکہ مرد اپنا مادہ منویہ بیوی کے ذریعے سے نکلوائے، اس کے لئے مشت زنی کرنا یا بیوی کے علاوہ کسی کے سامنے شرمگاہ کھولنا ناجائز وگناہ ہے۔ فتاوی شامی میں ہے: یجوز ان یستمنی بید زوجتہ ترجمہ: بیوی کے ہاتھ سے فراغت (منی خارج کروانا) جائز ہے۔ (شامی، جلد6، صفحہ44)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 جمادی الاول 1444/ 20دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

کاروبار

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

96

غیر مسلم کی عبادت گاہ میں کام

سوال: میں الیکٹریشن ہوں غیر مسلم کے گھر یا عبادت گاہ میں کام ملے تو کر سکتا ہوں؟

User ID: محمد عدنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

غیر مسلم کے گھر یا عبادت گاہ میں الیکٹرک کا کام کرنا شرعا جائز ہے کہ اس میں جائز کام کے عوض اجرت لینا ہے اور اس میں حرج نہیں۔ فتاوی رضویہ میں غیر مسلم کی عبادت گاہ میں تعمیری کام کے سوال کے جواب میں ہے: مکروہ (تنزیہی) ہے اور جو کرے مستحق سزا نہیں۔ (فتاوی رضویہ، جلد 19، صفحہ 504)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 جمادی الاول 1443/12 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

Fiqhi Masail Group

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

97

عورت کے بالوں کی خرید و فروخت

سوال: آج کل عورتوں کے بالوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے کیا یہ جائز ہے؟ User ID: محمد اسماعیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

انسانی بالوں کی خرید و فروخت اور ان سے کسی قسم کا فائدہ اٹھانا ناجائز و گناہ ہے چاہے مرد کے ہوں یا عورت کے، بلکہ عورت کے بالوں کی خرید و فروخت تو زیادہ بڑا گناہ ہے کیونکہ عورت کے بال ستر میں داخل ہیں اور غیر محرم کو عورت کے بال تو جدا ہونے کے بعد دیکھنا بھی جائز نہیں۔ بحر الرائق میں ہے: لم یجز بیعه والانتفاع به ترجمہ: انسان کے بالوں کی بیع اور ان سے نفع حاصل کرنا ناجائز ہے۔ (بحر الرائق، جلد6، صفحہ133)

بہار شریعت میں ہے: جس عضو کی طرف نظر کرنا ناجائز ہے اگر وہ بدن سے جدا ہو جائے تو اب بھی اس کی طرف نظر کرنا ناجائز ہی رہے گا، مثلاً پیڑو کے بال کہ ان کو جدا کرنے کے بعد بھی دوسرا شخص دیکھ نہیں سکتا۔ عورت کے سر کے بال یا اس کے پاؤں یا کلائی کی ہڈی کہ اس کے مرنے کے بعد بھی اجنبی شخص اُن کو نہیں دیکھ سکتا۔ (بہار شریعت، جلد3، صفحہ449)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاول 1443/30 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

وراثت

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

98

وراثت تقسیم ہونے سے پہلے وارث کا انتقال

سوال: والدین کی جائیداد میں بیٹی کا جو حصہ ہے وہ بیٹی کے انتقال کے بعد بیٹی کے شوہر اور اولاد کو ملے گا؟

User ID: محمد رفیق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

والدین میں سے کسی کا انتقال پہلے ہوا اور وراثت کی تقسیم کاری سے پہلے کسی وارث مثلا بیٹی کا انتقال ہو گیا تو اب بیٹی کا حصہ اس کے ورثاء مثلا اولاد اور شوہر کو ملے گا، لیکن اگر کسی وارث کا انتقال مورث سے پہلے ہو جائے تو اب مورث (مال وراثت چھوڑ کر جانے والا) کے انتقال پر پہلے فوت ہونے والے وارث مثلا بیٹی کی اولاد اور شوہر کو بیٹی کے والدین کی وراثت سے حصہ نہیں ملے گا اس لئے کہ وراثت کی شرائط میں سے یہ کہ مورث کی موت کے وقت وارث زندہ ہو۔ تعلیم المیراث میں ہے: (وراثت کی دوسری شرط) مورث کی موت کے وقت وارث کا زندہ ہونا۔ (صفحہ 5)

نوٹ: اس مسئلہ کی کئی شقیں ہیں، یہ جواب معلومات کے لئے ہے اگر وراثت کا کوئی مسئلہ ہو تو دار الافتاء اہلسنت تشریف لے جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 جمادی الاول 1443/05 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

99

ماں، بیوہ اور دو بیٹوں میں وراثت

سوال: میت پر نہ کوئی قرض ہے نہ اس نے وصیت کی ہے، ایک ماں، بیوہ اور دو بیٹے ہیں، وراثت کیسے تقسیم ہو گی؟

User ID: محمد نعیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں اگر ورثا درست ہیں تو کل مال کے 48 حصے ہوں گے جس میں سے ماں کو 8 حصے، بیوہ کو 6 حصے ملیں گے اور باقی 34 حصے دونوں بھائیوں میں یوں تقسیم ہوں گے کہ ہر بھائی کو 17 حصے ملیں گے۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100

2 بیویاں 4 بیٹے 5 بیٹیوں میں وراثت

سوال: 2 بیویوں، 4 بیٹوں اور 5 بیٹیوں میں وراثت کیسے تقسیم ہوگی جبکہ میت کے والدین دادا دادی نانی سب فوت ہوگئے اور اس پر کوئی قرض نہیں اور وصیت بھی نہیں؟

User ID: بلال عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر یہ معلومات درست ہیں تو کل مال کے 208 حصے ہوں گے جس میں سے ہر بیوی کو 13 حصے ملیں گے (13+13=26) اور باقی 182 حصے اولاد میں اس طرح تقسیم ہوں گے کہ بیٹوں کو بیٹیوں کے مقابلے میں دگنا ملے گا، ہر بیٹی کو 14 حصے (14×5=70) جب کہ ہر بیٹے کو 28 حصے (28×4=112) ملیں گے۔

مسئلہ از 8×26=208 میــت

2 بیویاں	4 بیٹے	5 بیٹیاں
1/8	عصبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ	
1×26	182=7×26	
26/2 لکل :13	لکل:28	لکل:14

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

02 جمادی الاخر 1444/26 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔